جدید عربی ایسے بولیے
تالیف
بدر الزماں قاسمی کیرانوی

کتاب مصنف کی اجازت سے شائع کی جارہی ہے

نام کتاب : جدید عربی ایسے بولیے

تالیف : مولانا بدرالزماں قاسمی کیرانوی
(فاضل دیوبند)

سن اشاعت : 2009ء

باہتمام : عبدالقدیر
0300-4339699

ناشر : مکتبۃ الحسن
042-7241355

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

مقدمہ طبع قدیم

حمداً و صلوۃً

موجودہ دور میں عربی زبان کی اہمیت کسی بھی دوسری بین الاقوامی زبان سے کم نہیں۔ آج یہ زبان دنیا کے ہر گوشہ اور ہر حصہ میں سیکھی اور سکھائی جاتی ہے بالخصوص تیل پیدا کرنے والے عرب ممالک سے دنیا کا کاروباری رابطہ بڑھتا جارہا ہے۔ سرکاری اور نجی میدانوں میں کام کرنے والے ان ممالک کا قصد کررہے ہیں، قدرتی طور پر انہیں عربی زبان سے شناسا ہونا ضروری ہوتا ہے۔ یوں بھی ہندوپاک میں عربی زبان سیکھنے اور بولنے کا شوق بڑھتا جارہا ہے، اس ضرورت کو پورا کرنے کے لئے عربی اُردو اور انگریزی میں بہت سی مختصر اور رہنما کتابیں لکھی گئی ہیں، لیکن یہ میدان اتنا وسیع ہے کہ کتابوں کی کثرت کے باوجود نئی کتاب لکھنے کی ضرورت باقی ہی رہتی ہے۔ پیش نظر کتاب "جدید عربی ایسے بولئے" اسی نوع کی حقیر کوشش ہے، اس مختصر کتاب کو زیادہ سے زیادہ جامع اور مفید بنانے کی سعی کی گئی ہے۔ اس موضوع پر ہندوپاک میں شائع ہونے والی تقریباً تمام کتابوں کا نچوڑ اس کتاب میں آگیا ہے۔ امید ہے کہ مختصر سے وقت میں اس کتاب کے ذریعہ زندگی کے تمام ضروری شعبوں اور گوشوں سے متعلق بول چال اور ضروری الفاظ و اصطلاحات سے شائقین عربی واقفیت حاصل کرسکیں گے۔

مؤلف کی یہ پہلی کاوش ہے ناظرین کرام کا تعاون اور مفید مشورہ حاصل رہا تو انشاء اللہ اس سلسلہ کو آگے بڑھایا جاسکتا ہے۔ وما توفیقی الا باللہ۔

بدر الزماں قاسمی کیرانوی ابن مولانا وحید الزماں کیرانویؒ

مقدمہ طبع جدید

زیر نظر کتاب ''جدید عربی ایسے بولئے'' اب سے تقریباً دس سال قبل لکھی گئی تھی۔ خدا تعالیٰ کا شکر ہے کہ یہ کتاب توقع سے زیادہ کامیاب ثابت ہوئی، چنانچہ اب تک اس کے متعدد ایڈیشن شائع ہو چکے ہیں۔ قارئین کرام نے جس طرح اس کتاب کو پسند فرمایا اس سے مؤلف کی ہمت افزائی ہوئی اور آئندہ اس سلسلے کو جاری رکھنے کا حوصلہ ملا۔

زمانے کی تیز رفتار ترقی کے ساتھ ساتھ عربی زبان کی تعبیرات اور اصطلاحات میں بھی ترقی اور تبدیلیاں ہوئی ہیں، اس لئے کافی عرصے سے ضرورت محسوس ہو رہی تھی کہ اس کتاب میں بھی بعض ترمیمات اور اضافے کئے جائیں۔ اب الحمدللہ یہ ترمیم اور اضافہ شدہ ایڈیشن قارئین کی خدمت میں پیش ہے۔ اس میں بہت سے نئے عنوانات کے تحت بیشمار اصطلاحات، تعبیرات اور الفاظ کے مفید ترین اضافے کے ساتھ ضروری ترمیمات بھی کردی گئی ہیں اور بعض مشتبہ الفاظ کی تحقیق اور تنقیح کا کام بھی کیا گیا ہے۔

یہ کتاب دراصل ان لوگوں کے لئے لکھی گئی ہے جو عربی زبان اور اس کی نحو وصرف سے کسی قدر واقفیت رکھتے ہیں لیکن ان کو عربی بول چال میں دشواری ہوتی ہے، اس لئے اس میں نحو وصرف کو شامل نہیں کیا گیا ہے بلکہ مختلف مواقع پر گفتگو کرنے کا طریقہ بتایا گیا ہے۔ ہر موضوع سے متعلق کچھ جملے دئے گئے ہیں اور موضوع کے آخر میں اس سے متعلق الفاظ کا ایک مجموعہ دیا گیا ہے تاکہ اوپر دئے گئے جملوں کی مدد سے ان الفاظ کو بھی حسب ضرورت استعمال کیا جا سکے۔

اللہ تعالیٰ سے دعاء ہے کہ وہ مؤلف کو عربی زبان سیکھنے والوں کی مزید خدمت کرنے کا موقع عطاء فرمائے۔ آمین!

بدرالزماں قاسمی کیرانوی

۱۳/اکتوبر ۱۹۹۶ء

نئی دہلی

الفهرست

فہرس

اَللِّقَاءُ / ملاقات

صَبَاحَ الْخَيْرِ.	صبح بخیر۔
كَيْفَ حَالُكَ؟	کیا حال ہے، کیسا مزاج ہے؟
أَنَا بِخَيْرٍ.	میں خیریت سے ہوں۔
كَيْفَ صِحَّتُكَ؟	آپ کی طبیعت کیسی ہے؟
صِحَّتِيْ جَيِّدَةٌ.	میری طبیعت ٹھیک ہے۔
كَيْفَ حَالُ وَالِدِكَ؟	آپ کے والد صاحب کا کیا حال ہے؟
وَالِدِيْ بِخَيْرٍ.	میرے والد صاحب بخیر ہیں۔
نَهَارُكَ سَعِيْدٌ.	آپ کا دن مبارک ہے۔
مَسَاءَ الْخَيْرِ.	شام بخیر۔
إِلَى اللِّقَاءِ.	پھر ملیں گے۔
طَابَ يَوْمُكُمْ.	دن بخیر۔
طَابَتْ لَيْلَتُكُمْ.	شب بخیر۔
أَهْلاً وَسَهْلاً مَرْحَباً.	خوش آمدید۔
أَنَا أُرَحِّبُ بِكُمْ.	میں آپ کا استقبال کرتا ہوں۔
إِنِّيْ سَعِيْدٌ جِدًّا بِلِقَائِكَ.	میں آپ سے مل کر بہت خوش ہوں۔
أَنَا أَيْضاً سَعِيْدٌ بِرُؤْيَتِكَ.	میں بھی آپ سے مل کر بہت خوش ہوں۔
يَالَهَا مِنْ مُفَاجَأَةٍ سَارَّةٍ.	کیا خوب اتفاق ہے!
كَمْ تُسْعِدُنِيْ رُؤْيَتُكَ!	آپ سے مل کر کتنی خوشی ہوئی!

لَمْ أَرَكَ مُنْذُ مُدَّةٍ طَوِيْلَةٍ. — میں نے آپکو بہت عرصے سے نہیں دیکھا

لَقَدِ افْتَقَدْتُكَ كَثِيْراً. — میں نے آپ کی کمی بہت محسوس کی۔

لَقَدِ اشْتَقْتُ حَقًّا إِلَى رُؤْيَتِكَ. — واقعی آپ سے ملنے کی بڑی خواہش تھی۔

أَبْلِغْ تَحِيَّاتِي إِلَى جَمِيْعِ أَفْرَادِ عَائِلَتِكَ. — اپنے تمام گھر والوں کو میرا اسلام کہیے۔

أَشْكُرُكَ. — میں آپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔

شُكْراً. — شکریہ۔

شُكْراً جَزِيْلاً. — بہت بہت شکریہ۔

عَفْواً. — کوئی بات نہیں (شکریہ کے جواب میں)

اَلْعَفْوُ. — معاف کیجئے۔

فِي رِعَايَةِ اللّٰهِ. — خدا حافظ۔

رَافَقَتْكَ السَّلَامَةُ. — خدا حافظ۔

التَّعَارُفُ / تعارف

مَا إِسْمُكَ؟ — آپ کا کیا نام ہے؟

إِسْمِي رَاشِدٌ. — میرا نام راشد ہے۔

مَا إِسْمُ وَالِدِكَ؟ — آپ کے والد صاحب کا نام کیا ہے؟

إِسْمُ وَالِدِي حَنِيْفٌ. — میرے والد صاحب کا نام حنیف ہے۔

أَيْنَ تَسْكُنُ؟ — آپ کہاں رہتے ہیں؟

أَسْكُنُ فِي دِلْهِي.	میں دہلی میں رہتا ہوں۔
مَاهُوَ عُنْوَانُكَ؟	آپ کا پتہ کیا ہے؟
عُنْوَانِي...	میرا پتہ ہے...
كَمْ عُمُرُكَ؟	آپ کی عمر کیا ہے؟
عُمْرِيْ عِشْرُوْنَ سَنَةً.	میری عمر بیس سال ہے۔
مَاهِيَ جِنْسِيَّتُكَ؟	آپ کی قومیت کیا ہے؟
أَنَا هِنْدِيٌّ.	میں ہندوستانی ہوں۔
مَادِيْنُكَ؟	آپ کا مذہب کیا ہے؟
أَنَا مُسْلِمٌ.	میں مسلمان ہوں۔
مَاهِيَ مِهْنَتُكَ؟	آپ کا پیشہ کیا ہے؟
أَنَا تِلْمِيْذٌ.	میں طالب علم ہوں۔
أُقَدِّمُ لَكَ صَدِيْقِيْ خَالِدًا.	یہ ہیں میرے دوست خالد۔
أُحِبُّ أَنْ تُقَابِلَ صَدِيْقًالِيْ.	میں آپ کو اپنے ایک دوست سے ملانا چاہتا ہوں۔
مُنْذُ مَتٰى وَأَنْتَ هُنَا؟	آپ یہاں کب سے ہیں؟
أَنَا هُنَا مُنْذُ أُسْبُوْعٍ.	میں یہاں ایک ہفتہ سے ہوں۔
هَلْ هٰذِهِ أَوَّلُ زِيَارَةٍ لَكَ؟	کیا آپ پہلی مرتبہ آئے ہیں؟
لاَ : أَتَيْتُ فِي السَّنَةِ الْمَاضِيَةِ أَيْضاً.	نہیں، میں گزشتہ سال بھی آیا تھا۔
هَلْ أَنْتَ مَبْسُوْطٌ هُنَا؟	کیا آپ یہاں مزے میں ہیں؟
نَعَمْ : هٰذِهِ الْمَدِيْنَةُ تُعْجِبُنِيْ جِدًّا.	ہاں! یہ شہر مجھے بہت پسند ہے۔

هَلْ أَنتَ لِوَحْدِکَ؟ کیا آپ تنہا ہیں؟

لاَ : أَنَا مَعَ زَوْجَتِي. نہیں! میں اپنی بیوی کے ساتھ ہوں۔

مِنْ أَيْنَ أَتَيْت .؟ آپ کہاں سے آئے ہیں؟

أَتَيْتُ مِنْ حَيْدَرْ آباد. میں حیدرآباد سے آیا ہوں۔

لِمَاذَا أَتَيْتَ هُنَا؟ آپ یہاں کیوں آئے ہیں؟

أَتَيْتُ هُنَا لِشُغْلٍ. میں یہاں ایک کام سے آیا ہوں۔

هَلْ تَعْرِفُنِي. کیا آپ مجھے جانتے ہیں؟

نَعَمْ : أَنَا أَعْرِفُکَ. ہاں! میں آپ کو جانتا ہوں۔

هَلْ تَتَذَكَّرُ إِسْمِيْ؟ کیا آپ کو میرا نام یاد ہے؟

أَظُنُّ أَنَّ إِسْمَکَ کَمَالٌ. میرا خیال ہے آپ کا نام کمال ہے۔

أَلَيْسَ کَذٰلِکَ؟ کیا ایسا نہیں ہے؟

لاَ إِسْمِيُ جَمَالٌ. نہیں میرا نام جمال ہے۔

آسِفٌ يَاجَمَالُ! نَسِيتُ إِسْمَکَ. معافی چاہتا ہوں جمال! مجھے آپ کا نام یاد نہیں رہا۔

فِيْ الْوَاقِعِ رَأَيْتُکَ بَعْدَ مُدَّةٍ طَوِيْلَةٍ. دراصل میں نے آپ کو بہت عرصے کے بعد دیکھا۔

وَلَمْ أَتَذَكَّرِ الإِسْمَ جَيِّداً. اور مجھے نام اچھی طرح یاد نہیں رہا۔

لَكِنِّيْ أَتَذَكَّرُ إِسْمَکَ. لیکن مجھے آپ کا نام یاد ہے۔

إِسْمُکَ وَسِيْمٌ أَلَيْسَ کَذٰلِکَ. آپ کا نام وسیم ہے۔ کیا ایسا نہیں ہے؟

هٰذَاصَحِيْحٌ. صحیح ہے۔ یہ صحیح ہے۔

مَاذَا عَنْ شُقَّتِکَ الْجَدِیْدَةِ؟	آپ کا نیا فلیٹ کیسا ہے؟
هِيَ شُقَّةٌ مُنَاسِبَةٌ.	وہ ایک مناسب فلیٹ ہے۔
فِيْ أَيِّ طَابِقٍ تَسْكُنُ؟	آپ کونسی منزل پر رہتے ہیں؟
أَسْكُنُ فِي الطَّابِقِ الثَّانِي.	میں دوسری منزل پر رہتا ہوں۔
هَلْ أَنْتَ مُتَزَوِّجٌ؟	کیا آپ شادی شدہ ہیں؟
نَعَمْ : أَنَا مُتَزَوِّجٌ.	جی ہاں! میں شادی شدہ ہوں۔
هَلْ عِنْدَکَ أَوْلَادٌ؟	کیا آپ کے بچے ہیں؟
نَعَمْ : عِنْدِيْ ثَلَاثَةُ أَوْلَادٍ.	ہاں میرے تین بچے ہیں۔
إِبْنَانِ وَبِنْتٌ.	دو بیٹے اور ایک بیٹی۔
کَمْ عُمْرُ الْوَلَدِ الْأَکْبَرِ؟	بڑے لڑکے کی کیا عمر ہے؟
عُمْرُهُ عَشْرُ سَنَوَاتٍ.	اس کی عمر دس سال ہے۔
کَمْ عُمْرُ الْوَلَدِ الْأَصْغَرِ؟	چھوٹے لڑکے کی کیا عمر ہے؟
عُمْرُهُ أَرْبَعُ سَنَوَاتٍ.	اس کی عمر چار سال ہے۔
کَمْ عُمْرُ الْبِنْتِ؟	بیٹی کی عمر کیا ہے؟
عُمْرُهَا سَبْعُ سَنَوَاتٍ.	اس کی عمر سات سال ہے۔
أَيْنَ يَدْرُسُ أَوْلَادُکَ؟	آپ کے بچے کہاں پڑھتے ہیں؟
إِنَّهُمْ يَدْرُسُوْنَ فِيْ مَدْرَسَةٍ إِسْلَامِيَّةٍ.	وہ ایک اسلامی مدرسے میں پڑھتے ہیں۔
أَيْنَ يَلْعَبُ أَوْلَادُکَ؟	آپ کے بچے کہاں کھیلتے ہیں؟
هٰذِهِ مُشْكِلَةٌ.	یہ ایک مسئلہ ہے۔
أَنَا لَا أُحِبُّ أَنْ يَلْعَبَ الْأَوْلَادُ فِي الشَّارِعِ.	مجھے بچوں کا سڑک پر کھیلنا پسند نہیں۔

عربی	اردو
لأَنَّ فِي الشَّارِعِ سَيَّارَاتٍ كَثِيرَةٌ	کیوں کہ سڑک پر ٹریفک بہت ہوتا ہے۔
هٰذَا أَمْرٌ خَطِرٌ.	یہ تو خطرناک بات ہے۔
أَنَا أُفَضِّلُ أَنْ يَلْعَبَ أَوْلَادِيْ فِي مَيْدَانٍ.	میں پسند کرتا ہوں کہ میرے بچے میدان میں کھیلیں۔
أَسْتَأْذِنُكَ الْآنَ.	اب میں اجازت چاہتا ہوں۔
أَرْجُوْ أَنْ أَرَاكَ قَرِيبًا إِنْ شَاءَ اللّٰهُ.	انشاء اللہ جلد ہی پھر ملاقات ہوگی۔

اَلتَّعْلِيمُ / تعلیم

عربی	اردو
مَتٰى بَدَأْتَ حَيَاتَكَ الدِّرَاسِيَّةَ؟	آپ نے اپنی تعلیمی زندگی کب شروع کی؟
كَانَ سِنِّي سِتَّ سَنَوَاتٍ آنَذَاكَ	اس وقت میری عمر چھ سال تھی،
أَوَّلًا ذَهَبْتُ إِلَى رَوْضَةِ الْأَطْفَالِ	پہلے میں نرسری میں گیا،
وَبَعْدَ رَوْضَةِ الْأَطْفَالِ	اور نرسری کے بعد
ذَهَبْتُ إِلَى الْمَدْرَسَةِ الْإِبْتِدَائِيَّةِ.	میں پرائمری اسکول میں گیا،
ثُمَّ ذَهَبْتُ إِلَى الْمَدْرَسَةِ الثَّانَوِيَّةِ.	پھر میں ہائی اسکول میں گیا۔
مَاهِيَ الْكُلِّيَّاتُ فِي الْجَامِعَةِ؟	یونیورسٹی میں کونسے کالج ہیں؟
كُلِّيَّةُ الْآدَابِ.	آرٹس کالج۔
كُلِّيَّةُ الْعُلُومِ.	سائنس کالج۔
كُلِّيَّةُ التِّجَارَةِ.	کامرس کالج۔
كُلِّيَّةُ الطِّبِّ.	میڈیکل کالج۔

كُلِّيَةُ الْهَنْدَسَةِ.	انجینئرنگ کالج۔
كُلِّيَةُ الْحُقُوقِ.	لاءکالج۔
كُلِّيَةُ الزِّرَاعَةِ.	ایگری کلچرل کالج۔
كُلِّيَةُ الصِّحَافَةِ.	کالج آف جرنلزم۔
مَاهِيَ الْمَعَاهِدُ فِيْ الْجَامِعَةِ؟	یونیورسٹی میں کون سے ادارے ہیں؟
مَعْهَدُ الْعُلُوْمِ الإقْتِصَادِيَّةِ.	ادارۂ اقتصادیات۔
مَعْهَدُ الْعُلُوْمِ الشَّرْقِيَّةِ.	ادارۂ علومِ شرقیہ۔
مَعْهَدُ الآثَارِ.	ادارۂ آثارِ قدیمہ۔
مَاهِيَ الدَّرَجَاتُ فِيْ الْجَامِعَةِ؟	یونیورسٹی میں کونسی ڈگریاں ہیں؟
أَلْبَكَالُورِيُوْس.	بی۔اے
أَلْمَاجِسْتِيْرُ.	ایم۔اے
الدُّكْتُوْرَاه.	ڈاکٹریٹ۔
دِبْلُوْمٌ.	ڈپلوما۔
شَهَادَةٌ.	سرٹیفکیٹ۔

الله الله الله

اَلتَّعَلُّمُ فِي الْمَدْرَسَةِ

مدرسہ میں تعلیم حاصل کرنا

أَيْنَ تَتَعَلَّمُ؟	تم کہاں پڑھتے ہو؟
أَتَعَلَّمُ فِي الْمَدْرَسَةِ.	میں مدرسہ میں پڑھتا ہوں۔
مَاذَا تَتَعَلَّمُ؟	تم کیا پڑھتے ہو؟
أَتَعَلَّمُ اللُّغَةَ الْعَرَبِيَّةَ.	میں عربی زبان پڑھتا ہوں۔
مَتٰى تَذْهَبُ إِلَى الْمَدْرَسَةِ؟	تم مدرسہ کب جاتے ہو؟
أَذْهَبُ إِلَى الْمَدْرَسَةِ فِي الصَّبَاحِ.	میں مدرسہ صبح کو جاتا ہوں۔
أَيْنَ تَجْلِسُ فِي الْفَصْلِ؟	تم درسگاہ میں کہاں بیٹھتے ہو؟
أَجْلِسُ فِي الصَّفِّ الْأَوَّلِ.	میں پہلی صف میں بیٹھتا ہوں۔
هَلْ تَسْتَمِعُ إِلَى أُسْتَاذِكَ؟	کیا تم اپنے استاذ کی بات سنتے ہو؟
نَعَمْ أَسْتَمِعُ إِلَى أُسْتَاذِيْ.	ہاں! میں اپنے استاذ کی بات سنتا ہوں۔
كَيْفَ يُعَلِّمُكَ الْأُسْتَاذُ؟	تمہیں استاذ کیسے پڑھاتے ہیں؟
أَلْأُسْتَاذُ يَنْطِقُ كَلِمَةً وَأَنَا أُرَدِّدُهَا.	استاذ ایک لفظ کا تلفظ کرتے ہیں، اور میں اس کو دُہراتا ہوں۔
ثُمَّ يَتَقَدَّمُ الْأُسْتَاذُ فِي الدَّرْسِ،	پھر استاذ سبق میں آگے بڑھتے ہیں،
وَيَشْرَحُ الْكَلِمَاتِ الْجَدِيْدَةَ.	اور نئے الفاظ کی تشریح کرتے ہیں۔
مُنْذُ كَمْ مُدَّةٍ تَتَعَلَّمُ فِي هٰذِهِ الْمَدْرَسَةِ؟	تم اس مدرسہ میں کب سے پڑھ رہے ہو؟

أَنَا اَتَعَلَّمُ فِي هٰذِهِ الْمَدْرَسَةِ مُنْذُ سَنَتَيْنِ.	میں اس مدرسہ میں دو سال سے پڑھ رہا ہوں۔
هَلْ تُذَاكِرُ دَرْسَكَ يَوْمِيًّا؟	کیا تم اپنا سبق روزانہ یاد کرتے ہو؟
نَعَمْ : أُذَاكِرُ الدَّرْسَ يَوْمِيًّا.	جی ہاں! میں سبق روزانہ یاد کرتا ہوں۔
مَتٰى تُذَاكِرُ الدَّرْسَ؟	تم سبق کب یاد کرتے ہو؟
أُذَاكِرُ الدَّرْسَ فِي اللَّيْلِ.	میں سبق رات میں یاد کرتا ہوں۔
أَيْنَ تُذَاكِرُ الدَّرْسَ؟	تم سبق کہاں یاد کرتے ہو؟
أُذَاكِرُهُ فِي الْبَيْتِ.	میں گھر میں یاد کرتا ہوں۔
هَلْ تَقْرَأُ الْكُتُبَ فِي الْمَسَاءِ؟	کیا تم شام کو کتابوں کا مطالعہ کرتے ہو؟
لاَ : أَنَا لاَ أَقْرَأُ الْكُتُبَ فِي الْمَسَاءِ.	نہیں میں شام کو کتابوں کا مطالعہ نہیں کرتا۔
لِمَاذَا؟	کیوں؟
لأَنِّي أَلْعَبُ فِي الْمَسَاءِ مَعَ أَصْدِقَائِي.	کیونکہ شام کو میں اپنے دوستوں کے ساتھ کھیلتا ہوں۔

أَلذَّهَابُ إِلَى الْمَدْرَسَةِ وَالْعَوْدَةُ مِنْهَا

مدرسہ جانا اور وہاں سے واپسی

كَيْفَ تَذْهَبُ إِلَى الْمَدْرَسَةِ؟	تم مدرسے کیسے جاتے ہو؟
أَذْهَبُ إِلَى الْمَدْرَسَةِ رَاكِباً.	میں مدرسہ سوار ہو کر جاتا ہوں۔
مَاذَا تَرْكَبُ؟	تم کس چیز پر سوار ہو کر جاتے ہو؟

أَرْكَبُ الأُتُوْبِيْسَ.	میں بس میں سوار ہوتا ہوں۔
لِمَاذَا تَذْهَبُ إِلَى الْمَدْرَسَةِ رَاكِباً؟	تم مدرسہ سوار ہو کر کیوں جاتے ہو؟
لأَنَّ مَدْرَسَتِي تَقَعُ عَلَى بُعْدٍ.	کیونکہ میرا مدرسہ دوری پر واقع ہے۔
كَمْ يَبْعُدُ بَيْتُكَ عَنِ الْمَدْرَسَةِ ؟	تمہارا گھر مدرسہ سے کتنا دور ہے؟
بَيْتِي يَبْعُدُ عَنِ الْمَدْرَسَةِ حَوَالَيْ خَمْسَةِ كِيْلُوْ مِتْرَاتٍ.	میرا گھر مدرسہ سے تقریباً پانچ کلومیٹر دور ہے۔
كَمْ يُكَلِّفُ رُكُوْبُ الأُتُوْبِيْسِ؟	بس کی سواری پر کتنا خرچ آتا ہے؟
إِنَّ رُكُوْبَ الأُتُوْبِيْسِ يُكَلِّفُ رُوْبِيَتَيْنِ فَقَطْ.	بس کی سواری پر صرف دو روپے کا خرچ آتا ہے۔
مَتٰى تَعُوْدُ مِنَ الْمَدْرَسَةِ؟	تم مدرسہ سے کب واپس آتے ہو؟
أَعُوْدُ مِنَ الْمَدْرَسَةِ فِي السَّاعَةِ الثَّانِيَةِ ظُهْراً.	میں دوپہر کو دو بجے مدرسہ سے واپس آتا ہوں۔
هَلْ تُؤَدِّي صَلَاةَ الظُّهْرِ فِي الْمَدْرَسَةِ؟	کیا تم ظہر کی نماز مدرسہ میں ادا کرتے ہو؟
كَلَّا! وَلٰكِنْ أُؤَدِّيْهَا بَعْدَ الْعَوْدَةِ مِنَ الْمَدْرَسَةِ.	نہیں، میں ظہر کی نماز مدرسہ سے واپسی کے بعد ادا کرتا ہوں۔
مَتٰى تَتَنَاوَلُ الغَدَاءَ؟	تم دوپہر کا کھانا کب کھاتے ہو؟
أَتَغَدَّىٰ فِي السَّاعَةِ الثَّالِثَةِ.	میں دوپہر کا کھانا تین بجے کھاتا ہوں۔
وَمَاذَا تَعْمَلُ بَعْدَ الْغَدَاءِ؟	اور دوپہر کے کھانے کے بعد تم کیا کرتے ہو؟
أَسْتَرِيْحُ حَتّٰى السَّاعَةِ الْخَامِسَةِ.	میں پانچ بجے تک آرام کرتا ہوں۔

ثُمَّ أَذْهَبُ إِلَى الْمَلْعَبِ.	پھر کھیل کے میدان میں جاتا ہوں۔
مَاهِيَ اللُّعْبَةُ الْمُفَضَّلَةُ لَدَيْكَ؟	تمہارا پسندیدہ کھیل کیا ہے؟
أُحِبُّ لُعْبَةَ كُرَةِ الْقَدَمِ.	مجھے فٹ بال پسند ہے۔

اَلتِّلْمِيْذُ / طالب علم

هَلْ أَنْتَ تِلْمِيْذٌ؟	کیا تم طالب علم ہو؟
نَعَمْ : أَنَا تِلْمِيْذٌ.	جی ہاں! میں ایک طالب علم ہوں۔
أَيْنَ تَتَعَلَّمُ؟	تم کہاں پڑھتے ہو؟
أَتَعَلَّمُ فِي الْمَدْرَسَةِ.	میں مدرسہ میں پڑھتا ہوں۔
مَنْ هُوَ؟	وہ کون ہے؟
هُوَ أُسْتَاذِي.	وہ میرے استاذ ہیں۔
أَيْنَ يُعَلِّمُ هُوَ؟	وہ کہاں پڑھاتے ہیں؟
هُوَ يُعَلِّمُ فِي مَدْرَسَتِنَا.	وہ ہمارے مدرسہ میں پڑھاتے ہیں۔
كَيْفَ أُسْتَاذُكَ؟	تمہارے استاذ کیسے ہیں؟
أُسْتَاذِي شَفِيْقٌ.	میرے استاذ مہربان ہیں۔
كَيْفَ مَدْرَسَتُكَ؟	تمہارا مدرسہ کیسا ہے؟
مَدْرَسَتِي كَبِيْرَةٌ وَمَشْهُوْرَةٌ.	میرا مدرسہ بڑا ہے اور مشہور ہے۔
هَلِ الْأُسْتَاذُ يُحِبُّكَ؟	کیا استاذ تمہیں پسند کرتے ہیں۔
نَعَمْ : أُسْتَاذِي يُحِبُّنِي.	جی ہاں! میرے استاذ مجھے پسند کرتے ہیں
لِمَاذَا يُحِبُّكَ الْأُسْتَاذُ.	استاذ تمہیں کیوں پسند کرتے ہیں؟

لأنّني تِلْمِيْذٌ مُجْتَهِدٌ.	کیونکہ میں ایک محنتی طالبعلم ہوں۔
هَلِ الأُسْتَاذُ يُحِبُّ التِّلْمِيْذَ الْمُهْمِلَ؟	کیا استاذ کام چور طالب علم کو پسند کرتے ہیں؟
لاَ : أَلأُسْتَاذُ لاَ يُحِبُّ التِّلْمِيْذَ الْمُهْمِلَ.	نہیں: استاذ کام چور طالب علم کو پسند نہیں کرتے۔
هَلْ تَحْتَرِمُ أُسْتَاذَكَ؟	کیا تم اپنے استاذ کا احترام کرتے ہو؟
نَعَمْ : أنَا أَحْتَرِمُ أُسْتَاذِيْ.	جی ہاں: میں اپنے استاذ کا احترام کرتا ہوں
مَاذَا تَدْرُسُ؟	تم کیا پڑھتے ہو؟
أَدْرُسُ كُتُباً عَرَبِيَّةً.	میں عربی کتابیں پڑھتا ہوں۔
هَلْ تَقْرَأُ كُتُباً إِنْكِلِيْزِيَّةً؟	کیا تم انگریزی کتابیں پڑھتے ہو؟
نَعَمْ : أَقْرَأُ كُتُباً إِنْكِلِيْزِيَّةً أَيْضاً.	جی ہاں میں انگریزی کتابیں بھی پڑھتا ہوں

أَلْقِرَاءَةُ / مطالعہ

مَاذَا تَقْرَأُ يَا كَمَالُ؟	کمال تم کیا پڑھ رہے ہو؟
أَقْرَأُ قِصَّةً.	میں ایک کہانی پڑھ رہا ہوں۔
هَلْ تُحِبُّ قِرَاءَةَ الْقِصَصِ؟	کیا تمہیں کہانیاں پڑھنا پسند ہے؟
نَعَمْ فِيْ أَوْقَاتِ الْفَرَاغِ.	ہاں، خالی اوقات میں۔
مَا إِسْمُ الْقِصَّةِ الَّتِيْ تَقْرَأُهَا؟	جو کہانی تم پڑھ رہے ہو اس کا کیا نام ہے
قِصَّةُ الْحَرْبِ وَالسَّلاَمِ.	جنگ اور امن کی کہانی۔

هَلْ قَرَأْتُهَا.	کیا تم نے اس کو پڑھ لیا؟
نَعَمْ : قَرَأْتُهَا وَقَدْ أَعْجَبَتْنِي كَثِيراً.	ہاں میں نے اس کو پڑھ لیا ہے اور مجھے بہت پسند آئی ہے۔
أَنَا أُحِبُّ السَّلَامَ وَأَكْرَهُ الْحَرْبَ.	مجھے امن پسند ہے اور جنگ سے نفرت ہے
كُلُّ إِنْسَانٍ يُحِبُّ السَّلَامَ وَيَكْرَهُ الْحَرْبَ.	ہر انسان امن پسند کرتا ہے اور جنگ سے نفرت کرتا ہے۔
لَوْكَانَ الْأَمْرُ كَذٰلِكَ لَمَا كَانَتْ هُنَاكَ حُرُوْبٌ وَجُيُوْشٌ وَأَسَاطِيْلُ	اگر ایسا ہوتا تو جنگیں نہ ہوتیں، فوجیں اور جنگی بیڑے نہ ہوتے۔
هٰذَا صَحِيْحٌ- مَعَكَ حَقٌّ.	صحیح ہے۔ تم ٹھیک کہتے ہو۔

أَلْمَدْرَسَةُ
اسکول

رَوْضَةُ الْأَطْفَالِ	چلڈرن گارڈن (نرسری اسکول)
مَدْرَسَةٌ	اسکول
مَدْرَسَةٌ إِبْتِدَائِيَّةٌ	پرائمری اسکول
مَدْرَسَةٌ مُتَوَسِّطَةٌ	مڈل اسکول
مَدْرَسَةٌ إِعْدَادِيَّةٌ	پرائمری اسکول
مَدْرَسَةٌ ثَانَوِيَّةٌ	سیکنڈری اسکول
مَدْرَسَةٌ عَالِيَةٌ	ھائی اسکول
كُلِّيَّةٌ	کالج
جَامِعَةٌ	یونیورسٹی
مَعْهَدٌ	انسٹی ٹیوٹ
فَصْلٌ	کلاس
مُعَلِّمٌ	استاذ
مُدَرِّسٌ	مدرس
أُسْتَاذٌ	پروفیسر
طَالِبٌ	طالبعلم

تِلْمِيْذٌ	شاگرد	قَامُوْسٌ	ڈکشنری
مُدِيْرٌ	ہیڈ ماسٹر / مہتمم،	مِمْحَاةٌ/مَحَّايَةٌ	ربر
	ڈائریکٹر	بَرَّايَةٌ	قلم تراش/شاپنر
رَئِيْسٌ	چانسلر	مِحْبَرَةٌ	دوات
عَمِيْدٌ	ڈین / پرنسپل	حِبْرٌ	روشنائی
مُفَتِّشٌ	انسپکٹر	نَشَّافَةٌ	سیاہی چوس، جاذب،
مُسَجِّلٌ	رجسٹرار		(بلاٹنگ پیپر)
إِبْتِدَائِيٌّ	ابتدائی (پرائمری)	لَوْحُ حَجَرٍ	سلیٹ
إِعْدَادِيٌّ	اعدادی	سَبُّوْرَةٌ	تختۂ سیاہ
ثَانَوِيٌّ	ثانوی / سیکینڈری	طَبْشُوْرٌ	چاک
مَكْتَبَةُ الْمَدْرَسَةِ	اسکول لائبریری	(جمع طَبَاشِيْرُ)	
مَعْمَلٌ	لیبارٹری	مَقْعَدٌ	بینچ
مَعْهَدٌ فَنِّيٌّ	تکنیکی ادارہ	خَرِيْطَةٌ	نقشہ
مَجْمَعٌ عِلْمِيٌّ	اکیڈمی	اَلْكُرَةُ الأَرْضِيَّةُ	گلوب
سِجِلٌّ	رجسٹر	رَفٌّ	شیلف
كُرَّاسَةٌ	نوٹ بک / کاپی	وَرَقَةٌ	کاغذ
قَلَمُ حِبْرٍ سَائِلٍ	فاؤنٹین پین	سَطْرٌ	سطر
قَلَمُ حِبْرٍ نَاشِفٍ	بال پوائنٹ پین	هَامِشٌ	کتاب کا حاشیہ
قَلَمُ رَصَاصٍ	پنسل	تَمْرِيْنٌ	مشق
مِسْطَرَةٌ	اسکیل	مُجَلَّدٌ-نُسْخَةٌ	جلد۔ نسخہ
كِتَابٌ	کتاب	مُقَدِّمَةٌ	مقدمہ

فَهْرِسٌ	فہرست	عِلْمُ الْكِيمِيَاءِ	علمِ کیمیا
بَرْنَامَجٌ	پروگرام	عِلْمُ الْجُغْرَافِيَا	علمِ جغرافیہ
لُغَةٌ	زبان	فَلْسَفَةٌ	فلسفہ
جَاهِلٌ	جاہل	رِيَاضَةٌ بَدَنِيَّةٌ	جمنازیم، جسمانی
أُمِّيٌّ	اَن پڑھ		ورزش
نَجَاحٌ	کامیابی	عِلْمُ النَّبَاتِ	باٹنی/علمِ نباتات
رُسُوبٌ	ناکامی (امتحان میں)	عِلْمُ الْمَعَادِنِ	علمِ معدنیات
دَرْسٌ	سبق	عِلْمُ الأَحْيَاءِ	بیالوجی/علمِ حیاتیات
جُمْلَةٌ	جملہ	عِلْمُ الْحَيَوَانِ	زولوجی/علمِ حیوانات
كَلِمَةٌ	کلمہ، لفظ	عِلْمُ طَبَقَاتِ الأَرْضِ	علمِ ارضیات
حَرْفٌ	حرف	عِلْمُ الاِجْتِمَاعِ	عمرانیات
قَوَاعِدُ	گرامر	جَمْعٌ	جمع
قِرَاءَةٌ	مطالعہ	طَرْحٌ	تفریق
أَدَبٌ	ادب	ضَرْبٌ	ضرب
تَارِيخٌ	تاریخ/لٹریچر	قِسْمَةٌ	تقسیم
رَسْمٌ	ڈرائنگ	عُلُومٌ	سائنس
شِعْرٌ	شاعری	مَحْفُوظَاتٌ	ریکارڈ (پرانے
مُوسِيقَى	موسیقی، میوزک		کاغذات) آرکائیوز
عِلْمُ الْحُقُوقِ	علم قانون	مُسْتَنَدَاتٌ	دستاویزات
رِيَاضِيَّاتٌ	علم ریاضی	تَرْجَمَةٌ	ترجمہ
عِلْمُ الطَّبِيعَةِ	سائنس		

إِمْلَاءٌ	املاء	وَلِيُّ أَمْرِ التِّلْمِيْذِ	طالبعلم کا سرپرست
إِنْشَاءٌ	انشاء	دَفْتَرُ قَيْدٍ	ریکارڈ بک
إِذْنٌ	اجازت	سِجِلُّ الْمَصْرُوفَاتِ	رجسٹر اخراجات
فَتْرَةُ إِسْتِرَاحَةٍ	وقفہ آرام	أَمِيْنُ مَكْتَبَةٍ	لائبریرین
النِّهَايَةُ الْعُظْمٰى	زیادہ سے زیادہ	عُطْلَةٌ	چھٹی
النِّهَايَةُ الصُّغْرٰى	کم سے کم	عَلَامَاتٌ	نمبرات
شَفَهِيٌّ	زبانی	مُكَافَأَةٌ	انعام
تَحْرِيْرِيٌّ	تحریری	عِقَابٌ	سزا
مُوَاظَبَةٌ	پابندی	جَرَسٌ	گھنٹی
نِظَامٌ	ڈسپلن	وَاجِبَاتٌ مَنْزِلِيَّةٌ	گھر کا کام (ہوم ورک)

مُحَادَثَةٌ بَيْنَ صَدِيْقَيْنِ
دو دوستوں کے درمیان گفتگو

اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ يَا سَالِمُ!	سالم صاحب! السلام علیکم!
كَيْفَ حَالُكَ؟	کیسے مزاج ہیں؟
أَنَا بِخَيْرٍ، شُكْرًا.	میں ٹھیک ہوں، شکریہ!
لَمْ أَرَكَ مُنْذُ فَتْرَةٍ طَوِيْلَةٍ.	میں نے کافی عرصے سے آپکو نہیں دیکھا۔
كُنْتُ مَرِيْضًا مُنْذُ شَهْرٍ.	میں ایک ماہ سے بیمار تھا۔
اَللّٰهُ يَشْفِيْكَ.	اللہ آپ کو شفا دے۔
أَيُّ مَرَضٍ أَصَابَكَ؟	آپ کو کیا بیماری لاحق ہوگئی تھی؟

أَصَابَتْنِي الْحُمّٰى وَ النَّزْلَةُ الْوَافِدَةُ.	مجھے بخار اور انفلوئنزا ہو گیا تھا۔
كَيْفَ صِحَّتُكَ الآنَ ؟	اب آپ کی طبیعت کیسی ہے؟
عَادَتْ صِحَّتِي الآنَ بِحَمْدِ اللّٰهِ.	اللہ کا شکر ہے اب میری طبیعت بحال ہوگئی ہے۔
سُرِرْتُ بِعَوْدَةِ الصِّحَّةِ إِلَيْكَ.	مجھے خوشی ہے کہ آپ صحت یاب ہوگئے ہیں۔
سَأَزُوْرُكَ فِي الْبَيْتِ قَرِيْباً.	میں جلد ہی آپ سے گھر پر ملاقات کرونگا۔
أَسْتَأْذِنُكَ.	اجازت چاہتا ہوں۔

أَلْمُقَابَلَةُ لِلْوَظِيْفَةِ / ملازمت کیلئے انٹرویو

أَلْمُرَشَّحُ : صَبَاحَ الْخَيْرِ يَاسَيِّدِيْ.	امیدوار: صبح بخیر جناب!
أَلْمُدِيْرُ: صَبَاحَ النُّوْرِ.	منیجر: صبح بخیر۔
أَلْمُدِيْرُ : إِجْلِسْ مِنْ فَضْلِكَ.	منیجر: بیٹھیے۔
أَلْمُرَشَّحُ: شُكْراً يَاسَيِّدِيْ.	امیدوار: شکریہ جناب۔
أَلْمُدِيْرُ : مَا إِسْمُكَ؟	منیجر: آپ کا نام کیا ہے؟
أَلْمُرَشَّحُ : إِسْمِيْ عَلِيٌّ.	امیدوار: میرا نام علی ہے۔
أَلْمُدِيْرُ : كَمْ عُمْرُكَ؟	منیجر: آپ کی عمر کیا ہے؟
أَلْمُرَشَّحُ: عُمْرِيْ خَمْسٌ وَعِشْرُوْنَ سَنَةً.	امیدوار: میری عمر پچیس سال ہے۔

اَلْمُدِيْرُ : مَاهِيَ مِهْنَتُکَ؟ منیجر: آپ کا پیشہ کیا ہے؟

اَلْمُرَشَّحُ: أَنَا مُهَنْدِسٌ / طَبِيْبٌ / مِيْكَانِيْكِيٌّ / كَاتِبٌ / مُتَرْجِمٌ. امیدوار: میں انجینئر ہوں/ڈاکٹر ہوں/ میکانک ہوں/ کلرک ہوں/ مترجم ہوں۔

اَلْمُدِيْرُ : مَاهِيَ مُؤَهِّلَاتُکَ الْعِلْمِيَّةُ. منیجر: آپ کی تعلیمی صلاحیت کیا ہے؟

اَلْمُرَشَّحُ : أَنَا حَائِزٌ عَلىٰ شَهَادَةِ الْماجِسْتِيْر. امیدوار: میں نے ایم۔اے کیا ہے۔

اَلْمُدِيْرُ : مِنْ أَيْنَ تَخَرَّجْتَ؟ منیجر: آپ نے کہاں سے فراغت حاصل کی ہے؟

اَلْمُرَشَّحُ : تَخَرَّجْتُ مِنْ جَامِعَةِ لَكْنَاؤ. امیدوار : میں نے لکھنؤ یونیورسٹی سے فراغت حاصل کی ہے۔

اَلْمُدِيْرُ : هَلْ تَسْتَطِيْعُ أَنْ تَتَكَلَّمَ الْإِنْجِلِيْزِيَّةَ؟ منیجر: کیا آپ انگریزی بول سکتے ہیں؟

اَلْمُرَشَّحُ : نَعَمْ يَا سَيِّدِي : أَسْتَطِيْعُ أَنْ أَتَكَلَّمَ اللُّغَةَ الْإِنْجِلِيْزِيَّةَ. امیدوار : جی ہاں جناب میں انگریزی بول سکتا ہوں۔

اَلْمُدِيْرُ : خِبْرَةُ كَمْ سَنَةٍ عِنْدَکَ؟ آپ کے پاس کتنے سال کا تجربہ ہے؟

اَلْمُرَشَّحُ : عِنْدِيْ خِبْرَةُ خَمْسِ سَنَوَاتٍ. امیدوار: میرے پاس پانچ سال کا تجربہ ہے۔

اَلْمُدِيْرُ : هَلْ جِئْتَ بِشَهَادَاتِکَ؟ منیجر: کیا آپ اپنے سرٹیفکیٹ لائے ہیں؟

اَلْمُرَشَّحُ: نَعَمْ : يَا سَيِّدِيْ! امیدوار: جی ہاں۔ جناب!

أَلْمُدِيْرُ : أَيْنَ تَعْمَلُ فِي هٰذِهِ الأَيَّامِ. — منیجر: آج کل آپ کہاں کام کر رہے ہیں؟

أَلْمُرَشَّحُ: أَعْمَلُ لَدَى شَرِكَةِ عَبْدِ الْكَرِيْمِ وَأَوْلاَدِهِ. — امیدوار: میں عبد الکریم اینڈ سنز کے یہاں کام کر رہا ہوں۔

أَلْمُدِيْرُ : كَمْ رَاتِباً تَتَقَاضَى هُنَاكَ؟ — منیجر: آپ وہاں کتنی تنخواہ پا رہے ہیں؟

أَلْمُرَشَّحُ : أَتَقَاضَى هُنَاكَ أَلْفَ رُوْبِيَةٍ شَهْرِيًّا. — امیدوار: مجھے وہاں ایک ہزار روپے ماہانہ مل رہے ہیں۔

أَلْمُدِيْرُ : مَتَى تَسْتَطِيْعُ أَنْ تَلْتَحِقَ بِالْعَمَلِ عِنْدَنَا؟ — منیجر: آپ ہمارے پاس کب سے کام شروع کر سکتے ہیں؟

أَلْمُرَشَّحُ : بَعْدَ شَهْرٍ وَاحِدٍ. — امیدوار: ایک ماہ کے بعد۔

أَلْمُدِيْرُ : هَلْ عِنْدَكَ جَوَازُ سَفَرٍ. — منیجر: کیا آپ کے پاس پاسپورٹ ہے؟

أَلْمُرَشَّحُ: نَعَمْ يَاسَيِّدِي: مَوْجُوْدٌ. — امیدوار: جی ہاں جناب: موجود ہے۔

أَلْمُدِيْرُ: سَنُخْبِرُكَ فِي الأُسْبُوْعِ الْقَادِمِ وَالآنَ يُمْكِنُ لَكَ أَنْ تَذْهَبَ. — منیجر: ہم آپ کو آئندہ ہفتہ اطلاع دیں گے، اب آپ جا سکتے ہیں۔

أَلْمُرَشَّحُ: شُكْراً جَزِيْلاً يَا سَيِّدِي. — امیدوار: بہت بہت شکریہ جناب!

فِي مَجَالِ الْعَمَلِ / کام کے میدان میں

جَمِيْلٌ يَعْمَلُ فِي مَخْزَنٍ لِبَيْعِ مُعَدَّاتٍ مُخْتَلِفَةٍ. — جمیل ایک اسٹور میں کام کرتے ہیں جہاں مختلف قسم کا ساز و سامان فروخت ہوتا ہے

عربی	اردو
إِنَّهُ يَلْتَقِي بِاسْتِمْرَارٍ زَبَائِنَ يَعْمَلُوْنَ فِي مِهَنٍ مُخْتَلِفَةٍ.	ان کا واسطہ ہمیشہ ایسے گاہکوں سے پڑتا ہے جو مختلف پیشوں سے تعلق رکھتے ہیں
بَيْنَهُمُ التَّاجِرُ، وَالْبَقَّالُ، وَالْجَزَّارُ وَالْحَدَّادُ وَالنَّجَّارُ.	جیسے بیوپاری، پرچون فروش، قصاب، لوہار اور بڑھئی۔
شَقِيْقُهُ الأَصْغَرُ نَدِيْمٌ يَعْمَلُ فِي شَرِكَةٍ لِلإِسْتِيْرَادِ وَالتَّصْدِيْرِ.	انکے چھوٹے بھائی ندیم ایک ایکسپورٹ امپورٹ فرم میں کام کرتے ہیں۔
إِنَّهُ يَطْبَعُ عَلَى الآلَةِ الْكَاتِبَةِ وَيَقُوْمُ فِي الْوَقْتِ نَفْسِهِ بِالتَّرْجَمَةِ.	وہ ٹائپ کرتے ہیں اور ساتھ میں ترجمے کا کام بھی کرتے ہیں۔
إِنَّهُ يُجِيْدُ الْعَرَبِيَّةَ وَالإِنْجِلِيْزِيَّةَ بِالإِضَافَةِ إِلَى الأُرْدُوِيَّةِ.	وہ اردو کے علاوہ عربی اور انگلش اچھی جانتے ہیں۔
اِبْنَتُهُ لَيْلَى مُمَرِّضَةٌ تَعْمَلُ فِي مُسْتَشْفًى عَامٍّ.	انکی بیٹی لیلیٰ ایک نرس ہے جو ایک پبلک ہسپتال میں کام کرتی ہے۔
إِنَّهَا تُسَاعِدُ الأَطِبَّاءَ وَتَعْتَنِي بِالْمَرْضَى. عَمَلُهَا مُرْهِقٌ وَلٰكِنَّهَا سَعِيْدَةٌ بِمُسَاعَدَةِ الآخَرِيْنَ وَخَاصَّةً الْفُقَرَاءَ.	وہ ڈاکٹروں کی مدد کرتی ہے اور مریضوں کا خیال رکھتی ہے، اس کا کام تھکا دینے والا ہے، لیکن وہ دوسروں کی مدد کر کے خاص طور سے غریبوں کی، خوش ہے۔
اَلإِبْنُ الأَكْبَرُ زُهَيْرٌ يَعْمَلُ مُهَنْدِساً فِي مَصْنَعٍ لِحِيَاكَةِ الأَقْمِشَةِ.	بڑا لڑکا زہیر کپڑا بننے کی ایک فیکٹری میں انجینئر کے طور پر کام کرتا ہے۔
إِنَّهُ يَعْمَلُ طِيْلَةَ النَّهَارِ وَسْطَ آلَاتٍ ضَخْمَةٍ مُتَعَاوِناً مَعَ الْمِيكَانِيْكِيِّ وَالْحَائِكِ.	وہ دن بھر بڑی بڑی مشینوں کے درمیان کام کرتا ہے اور کاریگروں اور تارکشوں کے ساتھ تعاون کرتا ہے۔

عَمَلُهُ خَطِيرٌ، لٰكِنَّهُ شَدِيدُ الْإِنْتِبَاهِ وَبِرَغْمِ وُجُودِ تَحْذِيرَاتٍ : خَطَرٌ! إِنْتَبِهْ! يَحْدُثُ أَحْيَاناً بَعْضُ الْحَوَادِثِ لِلْعُمَّالِ.

اس کا کام پر خطر ہے، لیکن وہ بہت محتاط ہے، اور باوجود اس کے کہ خطرہ سے آگاہ کرنے کے لئے نوٹس لگے ہوئے ہیں جیسے: خطرہ ہے! ہوشیار! بعض مرتبہ کام کرنے والوں کے ساتھ حوادث پیش آجاتے ہیں۔

أَلْإِبْنُ الْأَوْسَطُ نَاصِرٌ يَعْمَلُ كَاتِباً فِي شَرِكَةٍ لِلْمُقَاوَلَاتِ.

منجھلا لڑکا ناصر ٹھیکہ لینے والی ایک کمپنی میں کلرک کے طور پر کام کرتا ہے۔

إِنَّهُ يُحَرِّرُ الرَّسَائِلَ لِلْعُمَلَاءِ وَيَتَسَلَّمُ الرَّسَائِلَ مِنْ سَاعِي الْبَرِيدِ وَفِي وَقْتِ فَرَاغِهِ ، أَثْنَاءَ الْعَمَلِ ، يُسَاعِدُ الْمُحَاسِبَ فِي عَمَلِهِ.

وہ گاہکوں کے نام خطوط ارسال کرتا ہے اور ڈاکئے سے ڈاک وصول کرتا ہے، اور کام کے دوران خالی وقت میں وہ اکاؤنٹینٹ کے کام میں مدد کرتا ہے۔

مَالِكُ الشَّرِكَةِ مَسْرُورٌ بِهِ ، وَلِذٰلِكَ يَدْفَعُ لَهُ مُكَافَأَةً سَخِيَّةً.

کمپنی کا مالک اس سے خوش ہے اور اس کو اچھا معاوضہ دیتا ہے۔

أَلْإِبْنُ الْأَصْغَرُ نِزَارٌ يَعْمَلُ مُحَامِياً.

چھوٹا لڑکا نزار ایک وکیل کے طور پر کام کرتا ہے۔

إِنَّهُ يَتَّصِلُ عَادَةً بِالْقُضَاةِ وَ رِجَالِ الْأَعْمَالِ . لٰكِنَّهُ نَادِراً مَا يَتَعَامَلُ مَعَ الصَّحَافِيِّينَ وَالْمُعَلِّمِينَ وَالْفَنَّانِينَ.

اس کا رابطہ عام طور سے ججوں اور تاجروں سے رہتا ہے لیکن کبھی کبھی اس کا واسطہ صحافیوں، اساتذہ اور آرٹسٹوں سے بھی پڑتا ہے۔

أَنْ تَكُونَ عَامِلاً هُوَ أَفْضَلُ بِكَثِيرٍ مِنْ أَنْ تَكُونَ عَاطِلاً عَنِ الْعَمَلِ.

بے کار رہنے سے بہتر ہے کہ آپ کوئی کام کریں۔

يَنْبَغِي أَنْ تَخْتَارَ عَمَلَكَ بِعِنَايَةٍ لِأَنَّ مَنْ أَحَبَّ عَمَلَهُ نَجَحَ فِيهِ.	آپ کو چاہئے کہ آپ اپنے کام کا انتخاب دیکھ بھال کر کریں، کیونکہ جو اپنے کام کو پسند کرتا ہے وہ اس میں کامیاب ہوتا ہے۔

فِي الْمَكْتَبِ
دفتر میں

مَكْتَبٌ	میز
هَاتِفٌ -تِلْفُونٌ	ٹیلیفون
آلَةٌ كَاتِبَةٌ	ٹائپ رائٹر
آلَةٌ حَاسِبَةٌ	کیلکولیٹر
نَشَّافَةٌ لِلْحِبْرِ	سیاہی چوس
مُفَكِّرَةٌ	(یادداشت) ڈائری
خَرَّامَةٌ	پنچ
دَبَّاسَةٌ	اسٹیپلر
دَبُّوسٌ	اسٹیپل
مِشْبَكٌ لِلْأَوْرَاقِ	کلپ
وَرَقَةٌ	کاغذ کی شیٹ
مَلَفٌّ	فائل
خِزَانَةُ مَلَفَّاتٍ	فائلیں رکھنے کی الماری
وَرَقُ كَرْبُونٍ	کاربن پیپر
دَفْتَرُ مُلَاحَظَاتٍ	نوٹ بک
سَلَّةُ رَسَائِلَ	کاغذات رکھنے کی ٹرے
سَلَّةُ مُهْمَلَاتٍ	ردی کی ٹوکری
مِرْوَحَةٌ	پنکھا
عَامِلُ بَدَّالَةِ التِّلْفُونِ	ٹیلیفون آپریٹر
تَقْوِيمٌ	کیلنڈر

مِهَنٌ / وَظَائِفُ
پیشے

مُهَنْدِسٌ	انجینئر
مُهَنْدِسٌ مَدَنِيٌّ	سول انجینئر
مُهَنْدِسٌ مِيكَانِيكِيٌّ	میکانیکل انجینئر
مُهَنْدِسٌ كَهْرَبَائِيٌّ	الیکٹریکل انجینئر
رَئِيسُ تَحْرِيرٍ	چیف ایڈیٹر
مُدِيرُ تَحْرِيرٍ	ایڈیٹر
مُرَاسِلٌ صَحَفِيٌّ	نامہ نگار
صَحَفِيٌّ، صَحَافِيٌّ	صحافی

كَاتِبٌ	مقالہ نگار / رائٹر	رَئِيسُ الْقُضَاةِ	چیف جسٹس
كَاتِبٌ	کلرک	مُحَامٍ(اَلْمُحَامِي)	وکیل
مُؤَلِّفٌ	مصنف۔مؤلف	رَسَّامٌ	نقشہ نویس
مُتَرْجِمٌ	ترجمان	مُمَثِّلٌ	اداکار
مُدَرِّسٌ	مدرس	مُمَثِّلَةٌ	اداکارہ
مُدَرِّسَةٌ	استانی	مُصَوِّرٌ	فوٹوگرافر
مُعَلِّمٌ	استاذ	مُخْرِجٌ	پروڈیوسر
مُحَاضِرٌ	لیکچرر	مُصَوِّرٌ(سِنَمَائِيٌّ)	کیمرامین
أُسْتَاذٌ	پروفیسر	جُنْدِيٌّ	فوجی
طَبِيبٌ	ڈاکٹر	شُرْطِيٌّ	پولیس مین / سپاہی
جَرَّاحٌ	سرجن	مُذِيعٌ	اناونسر
طَبِيبُ أَسْنَانٍ	دانتوں کاڈاکٹر	تَاجِرٌ	تاجر
طَبِيبٌ عَامٌّ	جنرل فزیشن	سَاحِرٌ-مُشَعْوِذٌ	جادوگر/شعبدہ باز
طَبِيبُ عُيُوْنٍ	آنکھوں کاڈاکٹر	شَاعِرٌ	شاعر
طَبِيبٌ بَيْطَرِيٌّ	مویشیوں کاڈاکٹر	مُوَظَّفٌ فِي الْمَصْرَفِ	بینک کلرک
مُمَرِّضَةٌ	نرس		
اِخْصَائِيٌّ	اسپیشلسٹ	مُقَاوِلٌ	ٹھیکے دار
مُحَاسِبٌ	اکاؤنٹینٹ	مُجَلِّدُ الْكُتُبِ	جلد ساز
مَاسِكُ دَفَاتِرَ	بک کیپر	صَيْدَلِيٌّ	دوافروخت کرنیوالا
مُدَقِّقُ حِسَابَاتٍ	آڈیٹر	سِيَاسِيٌّ	سیاستدان
قَاضٍ(اَلْقَاضِي)	جج	مَالِكُ الْأَرْضِ	زمیندار

رِوَائِيٌّ	ناول نگار	جَوْهَرِيٌّ	جوہری
بَنَّاءٌ	معمار	خَادِمٌ	اردلی، چپراسی
بَائِعُ خُضَارٍ	سبزی فروش	خَازِنٌ	خزانچی
بُسْتَانِيٌّ	باغباں	حِرَفِيٌّ	دستکار
بَائِعُ أَزْهَارٍ	گل فروش	خَزَّافٌ	کمہار
بَائِعٌ	سیلز مین	حُوذِيٌّ	کوچوان
بَحَّارَةٌ	کشتی بان	حَلَّابٌ بَائِعُ الْحَلِيبِ	گوالا
بَائِعُ الصُّحُفِ	اخبار بیچنے والا	خَيَّاطٌ	درزی
بَائِعٌ مُتَجَوِّلٌ	پھیری والا	حَمَّالٌ	قلی
بَائِعٌ بِالتَّجْزِئَةِ	خردہ فروش	زَيَّاتٌ	تیلی
إِسْكَافٌ	موچی	دَهَّانٌ	پینٹر
حَدَّادٌ	لوہار	دَلَّالٌ	دلال
خَبَّازٌ	نان بائی	سِمْسَارٌ	دلال
حَلَّاقٌ	نائی	سَاعَاتِيٌّ	گھڑی ساز
حَلْوَانِيٌّ	حلوائی	سَمْكَرِيٌّ	ٹین گر
خُضَرِيٌّ	سبزی فروش	سَمَّانٌ	گھی فروش
خَرَّاطٌ	خرادیہ	سَائِقٌ	ڈرائیور
حَارِسٌ	چوکیدار	صَبَّاغٌ	رنگ ریز
جَزَّارٌ	قصائی	صَانِعُ أَحْذِيَةٍ	موچی
حَائِكٌ	جولاہا	شَيَّالٌ	قلی
حَذَّاءٌ	جوتا بنانے والا	سَمَّاكٌ	مچھیرا

صَانِعُ أَقْفَالٍ	تالے بنانیوالا	كَاتِبٌ مَسْرَحِيٌّ	ڈرامہ نگار
صَاحِبُ مَتْجَرٍ	دکان دار	قَاطِعُ التَّذَاكِرِ فِي الْقِطَارِ	ٹی ٹی ای
سَاعِيُ الْبَرِيْدِ	ڈاکیہ		
صَائِغٌ	سنار، زرگر	فَلَّاحٌ	کسان
زَجَّاجٌ	شیشہ لگانے والا	كَنَّاسٌ	مہتر، بھنگی
صَيَّادُ سَمَكٍ	مچھیرا	كَهْرَبَائِيٌّ	بجلی کا مستری
ضَارِبٌ عَلَى الآلَةِ الْكَاتِبَةِ	ٹائپسٹ	فَنَّانٌ	آرٹسٹ
		جَرْسُوْنٌ/نِدْلٌ	ویٹر
طَحَّانٌ	چکی والا	نَجَّارٌ	بڑھئی
عَامِلٌ	مزدور	مُنَجِّدٌ	صوفہ ساز
عَطَّارٌ	عطر فروش	مُلَقِّحٌ	چیچک کے ٹیکے لگانے والا
طَرَّاشٌ	سفیدی کرنیوالا		
طَبَّاعٌ	چھاپنے والا	سَائِسُ خُيُوْلٍ	سائیس/گھوڑوں کا نگراں
طَبَّاخٌ	باورچی		
غَسَّالٌ	دھوبی	نَحَّاتٌ	سنگ تراش
عَامِلُ رَصِيْفِ الْمِينَاءِ	گودی مزدور	عَامِلٌ مِيكَانِيكِيٌّ	مشین آپریٹر
		نُوتِيٌّ	ماجھی
عَامِلٌ فِي مَنْجَمٍ	کان کن	مُهَرِّجٌ	جوکر، مسخرہ
لَحَّامٌ	ویلڈر		
قَاطِعُ التَّذَاكِرِ	کنڈکٹر		
قَابِلَةٌ-مُوَلِّدَةٌ	دائی		

لِقَاءٌ تِجَارِيٌّ / ایک کاروباری ملاقات

عربی	اردو
صَبَاحَ الْخَيْرِ!	صبح بخیر!
لَقَدْ حَضَرْتُ لِمُقَابَلَةِ الْمُدِيْرِ.	میں منیجر صاحب سے ملنے کیلئے آیا ہوں.
هَلْ لَكَ مَوْعِدٌ مُسْبَقٌ مَعَهُ؟	کیا آپکا انکے ساتھ پہلے سے وقت طے ہے.
نَعَمْ: لِيْ مَوْعِدٌ مَعَهُ وَقَدْ حَضَرْتُ مِنْ قِبَلِ "عَدْنَانُ وَشُرَكَاءُهُ".	جی ہاں! میرا ان کے ساتھ وقت طے ہے اور میں عدنان اینڈ کمپنی کی طرف سے آیا ہوں۔
هَاهِيَ بِطَاقَتِيْ.	یہ رہا میرا کارڈ۔
هٰذَا لُطْفٌ مِنْكَ أَنْ تَسْتَقْبِلَنِيْ	یہ آپ کی مہربانی ہے کہ آپ نے میرا استقبال کیا۔
هَلْ تَسْمَحُ لِيْ أَنْ أُرِيَكَ كَتَالُوْجَ الْبِضَاعَةِ وَأَسْعَارَهَا وَعَيِّنَاتِهَا؟	کیا میں آپ کو سامان کا کیٹلاگ، اس کی قیمتیں اور نمونے دکھا سکتا ہوں؟
شَرِكَتُنَا تَصْنَعُ أَقْمِشَةً مَحْبُوْكَةً.	ہماری کمپنی بنے ہوئے کپڑے تیار کرتی ہے۔
نَحْنُ نَبْحَثُ عَنِ الْوُكَلَاءِ.	ہمیں ایجنٹوں کی تلاش ہے۔
أَسْعَارُنَا بِالْجُمْلَةِ / بِالْمُفَرَّقِ مَكْتُوْبَةٌ فِيْ هٰذِهِ الْقَائِمَةِ.	ہماری ہول سیل (تھوک فروشی) اور ریٹیل (خوردہ فروشی) قیمتیں اس فہرست میں درج ہیں۔
إِنَّنَا نُعْطِيْ خَصْمًا خَاصًّا إِذَا اِشْتَرَيْتُمْ كَمِّيَاتٍ كَبِيْرَةً مِنَ الْبِضَاعَةِ.	اگر آپ بڑی مقدار میں سامان خریدیں گے تو ہم آپ کو خصوصی ڈسکاؤنٹ دیں گے

تَسْلِيْمُ الْبِضَاعَةِ يَتِمُّ بَعْدَ شَهْرٍ مِنْ تَسْجِيْلِ الطَّلَبِ.	سامان کی ڈلیوری آرڈر دینے کے ایک ماہ کے بعد ہوتی ہے۔
أُرِيْدُ أَنْ أَرَى مَنْتُوْجَاتِكُمْ.	میں آپ کی مصنوعات دیکھنا چاہتا ہوں.
هَلْ عِنْدَكُمْ مَعْرِضٌ لِمَنْتُوْجَاتِكُمْ فِي الْمَدِيْنَةِ؟	کیا آپ کا شہر میں کوئی شوروم ہے؟
مَاهِيَ شُرُوْطُكُمْ؟	آپ کی شرائط کیا ہیں؟
هَلْ بِامْكَانِكُمْ إِجْرَاءُ تَعْدِيْلاَتٍ عَلَى هٰذَا النَّمُوْذَجِ.	کیا آپ اس ماڈل میں تبدیلیاں کر سکتے ہیں؟
هَلْ يُمْكِنُنِيْ أَنْ آخُذَ بَعْضَ الْعَيِّنَاتِ؟	کیا میں کچھ نمونے لے سکتا ہوں؟
هَلْ يُمْكِنُكُمْ أَنْ تَهْتَمُّوْا بِتَعْبِئَةِ الْبَضَائِعِ؟	کیا آپ سامان کی پیکنگ کرا سکتے ہیں؟
لاَ يُوْجَدُ عِنْدَنَا طَلَبٌ كَبِيْرٌ لِهٰذِهِ الْبَضَائِعِ.	ہمارے یہاں اس سامان کی زیادہ نکاسی نہیں ہے۔

عِبَارَاتٌ شَائِعَةٌ / کچھ عام تعبیرات

هَلْ تَتَكَلَّمُ الْعَرَبِيَّةَ؟	کیا آپ عربی زبان بولتے ہیں؟
نَعَمْ : أَتَكَلَّمُ بِهَا جَيِّداً.	جی ہاں: میں اچھی طرح بولتا ہوں۔
مَعْذِرَةً : هَلْ تَبْحَثُ عَنْ أَحَدٍ؟	معاف کیجئے: کیا آپ کسی کو تلاش کر رہے ہیں؟

عربی	اردو
نَعَمْ : أَبْحَثُ عَنْ أَخِي سَالِمٍ.	جی ہاں: میں اپنے بھائی سالم کو تلاش کر رہا ہوں۔
يَسُرُّنِي أَنْ أُسَاعِدَكَ فِي الْعُثُوْرِ عَلَيْهِ.	مجھے خوشی ہوگی اگر میں اس کو تلاش کرنے میں آپ کی مدد کروں۔
شُكْراً : سَأَكُوْنُ مَمْنُوْناً حقًّا.	شکریہ: میں یقیناً ممنون ہوں گا۔
مَنْ أَنْتَ وَمَا اسْمُكَ؟	آپ کون ہیں اور آپ کا نام کیا ہے؟
أَنَا رَاشِدٌ صَاحِبُ هٰذَا الدُّكَّانِ	میں راشد ہوں، اس دکان کا مالک۔
تَسُرُّنِي مُقَابَلَتُكَ.	مجھے آپ سے مل کر خوشی ہوئی۔
تَعَالَ مَعِي : سَأُقَدِّمُكَ.	میرے ساتھ آیئے میں آپ کا تعارف کراؤں۔
شُكْراً : هٰذَا جَمِيلٌ.	شکریہ، یہ ٹھیک ہے۔
لَدَيَّ مَا أَقُوْلُ لَكَ .	مجھے آپ سے کچھ کہنا ہے۔
مَاذَا تَعْنِي، لَسْتُ مُدْرِكاً.	کیا مطلب ہے، میں سمجھا نہیں۔
مَاذَا تَرْغَبُ ، أَهٰذَا يُرْضِيكَ؟	آپ کیا چاہتے ہیں، کیا یہ ٹھیک رہے گا۔
هَلْ مِنْ خِدْمَةٍ أُؤَدِّيهَا لَكَ؟	کیا میں آپ کی کوئی خدمت کر سکتا ہوں.
هَلْ تَتَكَرَّمُ بِبَعْضِ الْمَعْلُوْمَاتِ؟	کیا آپ برائے مہربانی کچھ معلومات فراہم کریں گے؟
هَلْ تُؤَدِّي لِي خِدْمَةً؟	کیا آپ میرا ایک کام کریں گے؟
هَلْ أَعْتَمِدُ عَلَيْكَ؟	کیا میں آپ پر بھروسہ کر سکتا ہوں؟
آسِفٌ لِمُضَايَقَتِكَ.	مجھے آپ کو پریشان کرنے کا افسوس ہے۔
أَطْلُبُ مِنْكَ أَنْ تَعْذِرَنِي.	میں آپ سے معذرت خواہ ہوں۔
سَأَفْعَلُ مَا فِي وُسْعِي.	میں یقیناً پوری کوشش کروں گا۔

إعْتَمِدْ عَلَيَّ كُلِّيًا. — مجھ پر پورا بھروسہ کیجئے۔

أنَا تَحْتَ تَصَرُّفِكَ. — میں آپ کی خدمت میں ہوں۔

مَالَكَ؟ — کیا بات ہے؟

لاَ يُهِمُّنِي الأَمْرُ. — اس سے مجھے کوئی سروکار نہیں۔

لاَ يَتَوَقَّفُ الأَمْرُ عَلَيْكَ. — بات آپ کے اوپر موقوف نہیں۔

هٰذَا مُسْتَحِيلٌ. — یہ ناممکن ہے۔

هٰذَا لاَ يَخُصُّنِي ، لَيْسَ مِنْ شَأْنِي. — یہ مجھ سے متعلق نہیں ہے۔

صَدِّقْنِي قَدْ بَذَلْتُ أقْصٰى جُهْدِي. — میرا یقین کیجئے میں نے پوری کوشش کی۔

مَاذَا أتَّخِذُ مِنْ إجْرَاءَاتٍ؟ — میں کیا کاروائی کروں؟

بِمَاذَا تَنْصَحُنِي؟ — آپ مجھے کیا مشورہ دیتے ہیں؟

مَا ظَنُّكَ؟ — آپ کا کیا خیال ہے؟

هَلْ أنْتَ وَاثِقٌ تَمَاماً؟ — کیا آپ کو پورا یقین ہے؟

فِعْلاً، فِكْرَتُكَ وَجِيهَةٌ. — واقعی آپ کا خیال اچھا ہے۔

أُؤَكِّدُ لَكَ هٰذَا. — میں آپ کو اس کا یقین دلاتا ہوں۔

لَيْسَ فِي الإمْكَانِ أبْدَعُ مِنْ هٰذَا. — اس سے زیادہ عمدہ ممکن نہیں ہے۔

أتَى الأَمْرُ عَلٰى غَيْرِ مَا كُنْتُ أتَوَقَّعُ. — بات میری توقع کے خلاف نکلی۔

يَصْعُبُ عَلَيَّ تَصْدِيقُكَ. — آپکے اوپر یقین کرنا میرے لئے مشکل ہے۔

مَا الْعَجَبُ فِي ذٰلِكَ؟ — اس میں حیرت کی کیا بات ہے؟

اللہ اکبر اللہ اکبر اللہ اکبر

جُمَلٌ شَائِعَةٌ / عام طور پر استعمال ہونے والے جملے

أَنَا أَعْرِفُ	میں جانتا ہوں۔
أَنَا لاَ أَعْرِفُ.	میں نہیں جانتا۔
أَنَا لاَ أَعْرِفُ حَتَّى الآنَ.	مجھے اب تک معلوم نہیں ہے۔
أَنَا أُدْرِكُ.	میں سمجھتا ہوں۔
أَنَا أَفْهَمُكَ.	میں آپ کی بات سمجھتا ہوں۔
أَنَا أُحِبُّكَ.	میں آپ سے محبت کرتا ہوں۔
إِنِّي أَرْغَبُ فِي الدَّفْعِ.	میں ادائیگی کرنا چاہتا ہوں۔
أُرِيْدُ شَيْئاً كَهٰذَا.	میں اس جیسی کوئی چیز چاہتا ہوں۔
أَنَا آسِفٌ لإِزْعَاجِكَ.	مجھے افسوس ہے کہ میں نے آپ کو پریشان کیا۔
أَنَا مُسْتَعْجِلٌ.	میں جلدی میں ہوں۔
أَنَا سَعِيْدٌ.	میں خوش نصیب ہوں۔
أَنَا فَرِحٌ.	میں خوش ہوں۔
أَنَا مَرِيْضٌ.	میں بیمار ہوں۔
أَنَا جَائِعٌ.	میں بھوکا ہوں۔
أَنَا غَاضِبٌ.	میں غصے میں ہوں۔
أَنَا عَطْشَانٌ.	میں پیاسا ہوں۔
أَنَا نَعْسَانٌ.	مجھے نیند آرہی ہے۔
أَنَا تَعْبَانٌ.	میں تھکا ہوا ہوں۔
أَنَا مَشْغُوْلٌ.	میں مصروف ہوں۔

أَنَا تَائِهٌ.	میں بھٹک گیا ہوں۔
أَنَا مُتَأَخِّرٌ.	مجھے دیر ہو گئی ہے۔
يَنْبَغِي أَنْ أَذْهَبَ.	مجھے جانا چاہئے۔
دَعْنِي لِوَحْدِي.	مجھے تنہا چھوڑ دو۔
دَعْنَا نَذْهَبُ.	آؤ چلیں۔
لَا يَزَالُ الْوَقْتُ بَاكِرًا.	ابھی تو سویرا ہے۔
إِنَّهُ لَيْسَ خَطَئِي.	یہ میری غلطی نہیں ہے۔
إِنَّهُ أَمْرٌ مُهِمٌّ.	یہ اہم بات ہے۔
إِنَّهُ أَمْرٌ طَارِئٌ.	یہ ناگہانی بات ہے۔
هٰذَا كُلُّ الَّذِي مَعِي.	میرے پاس یہی سب کچھ ہے۔
هٰذَا مَا أُرِيدُهُ فِعْلاً.	میں یہی چاہتا ہوں۔
لَقَدْ فَاتَهُمُ الْقِطَارُ.	ان کی ٹرین چھوٹ گئی ہے۔
أَشْكُرُكَ.	میں آپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔
مِنْ فَضْلِكَ.	براہ کرم۔
أَعْتَذِرُ إِلَيْكَ.	معذرت چاہتا ہوں۔
طَيِّبٌ	ٹھیک ہے۔
حَسَنًا	بہتر ہے۔
أَهْلاً بِكَ.	خوش آمدید۔
آسِفٌ.	مجھے افسوس ہے۔
رُبَّمَا.	شاید۔

أسْتَمِيْحُكَ عُذْراً.	معافی چاہتا ہوں۔
آمَلُ ذَالِكَ.	مجھے اس کی امید ہے۔
بِالطَّبْعِ.	بیشک۔
بِالتَّأكِيْدِ.	یقیناً۔
حَالاً.	ابھی اسی وقت۔
كَالْمُعْتَادِ.	حسب معمول۔
عَلَى الْعُمُوْمِ.	عموماً۔
عَلَى الأَقَلِّ.	کم از کم۔
إطْلاقاً.	بالکل نہیں۔
لِفَتْرَةٍ مَا.	کچھ عرصے کے لئے۔
فِيْ أيِّ حَال.	بہر حال، بہر طور۔
دَقِيْقَةٌ وَاحِدَةٌ.	بس ایک منٹ۔
قَلِيْلاً.	تھوڑا سا۔
إذَاكَانَ ضَرُوْرِياً.	اگر ضروری ہوا۔
لَيْسَ بِهٰذِهِ السُّرْعَةِ.	اتنی جلدی نہیں۔
لَيْسَ مِنْ زَمَنٍ بَعِيْدٍ.	زیادہ عرصہ نہیں ہوا۔
جَنْباً إلَى جَنْبٍ .	پہلو بہ پہلو۔
أكْثَرَ فَأكْثَر.	زیادہ سے زیادہ۔
مَامِنْ أحَدٍ آخَرَ.	اور کوئی نہیں۔
هٰذَا وَذَاكَ.	یہ اور وہ۔
سَيِّءٌ لِلْغَايَةِ.	بہت ہی برا۔

أَخِيراً.	آخرکار۔
فِي طَرِيقِهِ.	اپنے راستے میں۔
فِي طَرِيقِ الْعَوْدَةِ.	واپسی میں۔
لِبَعْضِهِم الْبَعْضُ.	ایک دوسرے کے لئے۔
لِلشَّخْصِ الْوَاحِدِ.	فی کس۔
لِلإِيْجَارِ.	کرائے کے لئے۔
لِلْبَيْعِ.	برائے فروخت۔
لاَ مُشْكِلَةَ.	کوئی پریشانی کی بات نہیں۔
الطِّرَازُ السَّائِدُ.	مروّجہ اسٹائل۔
كَمْ هٰذَا مُدْهِشٌ.	کتنا تعجب خیز ہے!
إِنْتَبِهْ.	خبردار رہو۔
إِحْذَرْ.	محتاط رہو۔
لاَ تَنْسَىٰ.	مت بھولو۔
إِعْمَلْ مَعْرُوْفاً.	اچھا کام کرو۔
تَفَضَّلْ بِالْجُلُوْسِ.	تشریف رکھئے۔
سَاعِدْنِي.	میری مدد کیجئے۔
إِنْتَظِرْنِي.	میرا انتظار کیجئے۔
أَسْرِعْ.	جلدی کیجئے۔
إِتْبَعْنِي.	میرے پیچھے آیئے۔
تَقَدَّمْنِي.	میرے آگے چلئے (راستہ بتایئے)
أُدْخُلْ.	اندر آجاؤ۔

ارْحَلْ.	چلے جاؤ۔
أَعْطِنِي.	مجھے دو۔
حَدِّثْنِي.	مجھ سے بات کرو۔
أَرِنِي.	مجھے دکھاؤ۔
سَيَكُوْنُ ذٰلِكَ لَطِيْفاً.	اچھا رہے گا۔

أَسْئِلَةٌ مُفِيدَةٌ / کام آنیوالے سوالات

مَا ذَا؟	کیا؟
مَتٰى؟	کب؟
أَيْنَ؟	کہاں؟
مَنْ؟	کون؟
لِمَاذا؟	کیوں؟
أَيٌّ؟	کونسا؟
كَيْفَ؟	کیسے؟
كَمْ؟	کتنا؟
مَاهٰذَا؟	یہ کیا ہے؟
مَاذٰلِكَ؟	وہ کیا ہے؟
مَاذَايَحْدُثُ؟	کیا ہو رہا ہے؟
مَا الأَمْرُ؟	کیا بات ہے؟
مَاذَا يَعْنِيْ هٰذَا؟	اس کا مطلب کیا ہے۔

مَاذَا تُرِيْدُ؟	تم کیا چاہتے ہو؟
مَاذَا افْعَلُ مِنْ أجْلِكَ؟	میں آپ کے لئے کیا کروں؟
مَاالَّذِيْ سَتَفْعَلُهُ الْيَوْمَ؟	آج آپ کیا کرنے والے ہیں؟
مَاذَا افْعَلُ الآنَ؟	اب میں کیا کروں؟
مَاذَا تَفْعَلُ بِهٖ؟	آپ اس سے کیا کرتے ہیں؟
أيْنَ مَكْتَبُكَ؟	آپ کا دفتر کہاں ہے؟
أيْنَ تُقِيْمُ؟	آپ کہاں مقیم ہیں؟
مِنْ أيْنَ أنْتَ؟	آپ کہاں کے ہیں؟
مَنْ هِيَ تِلْكَ الْمَرْأةُ؟	وہ عورت کون ہے؟
لِمَ لاَ؟	کیوں نہیں؟
هَلْ تَفْهَمُنِيْ؟	کیا آپ میری بات سمجھتے ہیں؟
هَلْ تَسْتَطِيْعُ مُسَاعَدَتِيْ؟	کیا آپ میری مدد کر سکتے ہیں؟
هَلْ تَسْتَطِيْعُ أنْ تَتَحَدَّثَ بِبُطْءٍ أكْثَرَ؟	کیا آپ مزید آہستہ بول سکتے ہیں؟

تَعَابِيْرُ مَألُوْفَةٌ / روزمرہ استعمال میں آنے والی تعبیرات

لاَ مِرْيَةَ فِيْ ذٰلِكَ.	اس میں کوئی شک نہیں۔
لاَ حِيْلَةَ لِيْ فِيْ ذٰلِكَ.	میں اس میں کچھ نہیں کر سکتا۔
هٰذَا أمْرٌ مُسَلَّمٌ بِهٖ.	یہ بات طے شدہ ہے۔
سِيَّانِ عِنْدِيْ.	میرے لئے برابر ہے۔

إنَّهُ يخافُ مِنْ خيالِه.	وہ اپنے سائے سے ڈرتا ہے۔
ألأمْرُ سَوَاءٌ بِالنِّسْبَةِ إلَيَّ.	میرے لئے بات برابر ہے۔
آنَ الأوَانُ لِتَسْوِيَةِ مَا بَيْنَنَا مِنْ حِسَابٍ.	اب وقت آگیا ہے کہ ہم اپنا حساب بیباق کرلیں۔
لَقَدْ قُدَّ قَلْبُهُ مِنْ حَجَرٍ.	اس کا دل پتھر کا بنا ہے۔
لا أسْتَطِيعُ أنْ أتَحَمَّلَ ذٰلِكَ.	میں اس کو برداشت نہیں کرسکتا۔
فَعَلَ ذٰلِكَ مِرَاراً.	اس نے ایسا بار بار کیا۔
لَقَدْ خَابَ ظَنِّي فِيكَ.	میں نے آپ کو غلط سمجھا۔
مَازَالَ الْمَوْضُوعُ مُعَلَّقاً.	معاملہ اب تک معرض التواء میں ہے۔
سَيُؤَدِّي ذٰلِكَ إلَى مَتَاعِبَ كَثِيرَةٍ.	اس میں تو بہت پریشانی ہوگی۔
لا تَقِفُ مَكْتُوفَ الْيَدَيْنِ.	ہاتھ پر ہاتھ دھرے مت بیٹھے رہو۔
لا أدْرِي مَاسَيَحْدُثُ.	معلوم نہیں کیا ہوگا۔
كَانَ مُسْتَغْرِقاً فِي الْحَدِيثِ.	وہ محو گفتگو تھا۔
لَيْسَتْ عِنْدِي نُقُودٌ.	میرے پاس پیسے نہیں ہیں۔
لا تَتَكَلَّمْ عَنِّي.	میرے بارے میں بات مت کرو۔
لِيْ وِجْهَةُ نَظَرٍ أُخْرَى.	میرا کچھ اور نقطہ نظر ہے۔
لَيْسَ لِهٰذَا أيُّ مَعْنًى.	اس کا کوئی مطلب نہیں۔
هٰذَا يَفِي بِالْغَرَضِ.	اس سے مقصد پورا ہوتا ہے۔
أيُّ خِدْمَةٍ.	میرے لائق کوئی خدمت۔
مَاالْخَطْبُ؟	کیا بات ہے؟
لا تَتَسَرَّعْ أبَداً.	کبھی بھی جلد بازی مت کرو۔

هٰذَا لَا يَعْنِيكَ فِي شَيْءٍ.	اس سے تمہارا کوئی تعلق نہیں۔
لَا تَحْكُمْ بِظَوَاهِرِ الْأُمُوْرِ.	ظاہری امور کی بنیاد پر فیصلہ مت کرو۔
إِنَّهَا قُرَّةُ عَيْنِي.	وہ میری آنکھ کا تارا ہے۔
مَهْمَا كَانَتِ الْأَحْوَالُ.	کچھ بھی ہو۔
فِيْ جَمِيْعِ أَنْحَاءِ الْعَالَمِ.	دنیا کے کونے کونے میں۔
اَلْمَوْضُوْعُ لَا يَعْنِيكَ.	بات آپ سے متعلق نہیں۔
لَيْسَ هٰذَا مِنْ شُغْلِي.	یہ کام میرا نہیں ہے۔
هٰذَا يَكْفِيْنِي.	یہ میرے لئے کافی ہے۔
هٰذَا هُوَ مَوْضُوْعُ الْبَحْثِ.	یہ موضوع بحث ہے۔
شُكْراً لَكَ سَلَفاً.	آپ کا پیشگی شکریہ۔
لَمْ يُعِرْهُ إِهْتِمَاماً.	اس نے اس کو کوئی اہمیت نہیں دی۔
كُنْ لَطِيْفاً بِقَدْرِ مَا تَسْتَطِيْعُ.	جتنا ہو سکے نرم خو بنو۔
إِلَيْكَ عَنِّي.	مجھ سے دور رہو۔
لَا يُمْكِنُنِي أَنْ أَحْتَمِلَ ذٰلِكَ.	میں اس کو برداشت نہیں کر سکتا۔
أَعْتَرِفُ بِأَنِّي كُنْتُ مُخْطِئاً.	مجھے اعتراف ہے کہ میں غلطی پر تھا۔
مَاذَا تَعْنِي؟	آپ کا کیا مطلب ہے؟
مَاذَا يَقْصِدُوْنَ مِنْ ذٰلِكَ.	اس سے ان کی کیا مراد ہے۔
كُلُّ شَيْءٍ عَلَى مَا يُرَامُ.	سب کچھ ٹھیک ٹھاک ہے۔
هَلْ تَفْهَمُ مَا أُرِيْدُ.	کیا آپ سمجھ رہے ہیں کہ میں کیا چاہتا ہوں.
لَا قَدَّرَ اللّٰهُ.	خدانخواستہ۔
هٰذَا قَضَاءُ اللّٰهِ وَقَدَرُهُ.	یہ فیصلہ خداوندی ہے۔

ضَعْ ذٰلِکَ فِي الْحُسْبَانِ.	اس بات کو ذہن میں رکھئے۔
إِنَّنِيْ أُوَافِقُ عَلٰى إِقْتِرَاحِکَ.	میں آپ کی رائے سے متفق ہوں۔
بَارِدٌ کَالثَّلْجِ.	برف کی طرح ٹھنڈا۔
سَرِيْعٌ کَالْبَرْقِ.	بجلی کی طرح تیز۔
وَاضِحٌ کَفَلَقِ الصُّبْحِ.	صبح روشن کی طرح واضح۔
أَسْوَدُ کَالْفَحْمِ.	کوئلے کی طرح کالا۔
أَبْيَضُ کَالثَّلْجِ.	برف کی طرح سفید۔
أَرْخَصُ مِنَ التُّرَابِ.	مٹی سے سستا۔
أَصْفَرُ کَالزَّعْفَرَانِ.	زعفران کی طرح زرد۔

مَعَ الطَّبِيْبِ / ڈاکٹر کے پاس

کَيْفَ صِحَّتُکَ؟	آپ کی طبیعت کیسی ہے؟
صِحَّتِيْ لَيْسَتْ جَيِّدَةً.	میری طبیعت ٹھیک نہیں ہے۔
مَاذَا أَصَابَکَ؟	آپ کو کیا ہوا؟
أَصَابَنِيْ بَرْدٌ.	مجھے سردی لگ گئی ہے۔
أَصَابَنِيْ سُعَالٌ.	مجھے کھانسی ہو گئی ہے۔
حَرَارَتِيْ مُرْتَفِعَةٌ.	میرا ٹمپریچر بڑھ رہا ہے، مجھے بخار ہے۔
أُعَانِيْ مِنَ الصُّدَاعِ الشَّدِيْدِ.	مجھے شدید دردِ سر کی شکایت ہے۔
إِنْصَحْنِيْ بِطَبِيْبٍ جَيِّدٍ.	مجھے کوئی اچھا ڈاکٹر بتائیے۔
أَنْصَحُکَ بِأَنْ تَذْهَبَ إِلَى الدُّکْتُوْرِ مُحَمَّد عَلِي.	میرا مشورہ ہے کہ آپ ڈاکٹر محمد علی کے پاس جائیے۔

أَيْنَ عِيَادَتُهُ.
ان کا مطب کہاں ہے؟

عِيَادَتُهُ بِالْقُرْبِ مِنْ بَيْتِنَا.
ان کا مطب ہمارے گھر کے قریب ہے۔

إِنْتَظِرْ دَوْرَكَ فِي غُرْفَةِ الإِنْتِظَارِ.
آپ ویٹنگ روم میں اپنی باری کا انتظار کیجئے۔

مِنْ فَضْلِكَ إِجْلِسْ.
براہ کرم بیٹھ جائیے۔

مَاالْمُشْكِلَةُ؟
کیا تکلیف ہے؟

أَصَابَنِي بَرْدٌ شَدِيْدٌ.
مجھے سخت نزلہ ہے۔

أَعِنْدَكَ صُدَاعٌ أَيضاً؟
کیا آپ کے سر میں درد بھی ہے؟

نَعَمْ : عِنْدِيْ صُدَاعٌ شَدِيْدٌ.
جی ہاں، میرے سر میں شدید درد ہے۔

دَعْنِيْ أَفْحَصُكَ.
لائیے میں آپ کو دیکھوں/چیک کروں۔

هَلْ تُعَانِيْ مِنْ سُوْءِ الْهَضْمِ.
کیا آپ کو بدہضمی کی شکایت ہے؟

نَعَمْ : أُعَانِيْ مِنْ سُوْءِ الْهَضْمِ وَ الأَلَمِ الشَّدِيْدِ فِي الْبَطْنِ.
جی ہاں: مجھے بدہضمی اور پیٹ میں شدید درد کی شکایت ہے۔

هَلْ تَقَيَّأْتَ أَيْضاً؟
کیا آپ کو اُلٹی بھی ہوئی؟

نَعَمْ : تَقَيَّأْتُ.
جی: اُلٹی ہوئی۔

كَمْ مَرَّةً تَقَيَّأْتَ ؟
کتنی مرتبہ اُلٹی ہوئی؟

هَلْ تُعَانِيْ مِنَ الإِمْسَاكِ؟
کیا آپ کو قبض کی شکایت ہے؟

نَعَمْ أُعَانِيْ مِنَ الإِمْسَاكِ.
جی ہاں: مجھے قبض کی شکایت ہے۔

مُنْذُ مَتَى وَأَنْتَ تُعَانِيْ مِنَ الإِمْسَاكِ؟
آپ کو قبض کی شکایت کب سے ہے؟

أُعَانِيْ مِنْهُ مُنْذُ يَوْمَيْنِ.
اس کی شکایت مجھے دو دن سے ہے۔

مُنْذُ مَتَى وَأَنْتَ تُعَانِيْ مِنَ الأَلَمِ فِي الْبَطْنِ؟
آپ کو پیٹ کے درد کی شکایت کب سے ہے؟

أُعَانِي مِنْ هٰذَا الأَلَمِ مِنَ الْصَّبَاحِ.	یہ درد مجھے صبح سے ہو رہا ہے۔
هَلْ تَشْعُرُ بِمَرَارَةٍ فِي الْفَمِ؟	کیا آپ کو منہ میں کڑواہٹ محسوس ہو رہی ہے؟
نَعَمْ : أَشْعُرُ بِمَرَارَةٍ خَفِيفَةٍ فِي الْفَمِ.	جی ہاں: منہ میں ہلکی سی کڑواہٹ محسوس ہو رہی ہے۔
إِرْفَعْ قَمِيصَكَ مِنْ فَضْلِكَ.	ذرا اپنا کرتا اوپر اٹھایئے۔
سَأَقِيسُ دَرَجَةَ حَرَارَتِكَ.	میں آپ کا ٹمپریچر چیک کروں گا۔
ضَعْ مِيزَانَ الْحَرَارَةِ تَحْتَ لِسَانِكَ.	تھرمامیٹر زبان کے نیچے رکھئے۔
إِنَّ دَرَجَةَ حَرَارَتِكَ مُرْتَفِعَةٌ .	آپ کا ٹمپریچر بڑھا ہوا ہے، آپکو بخار ہے.
سَأَقِيسُ ضَغْطَ دَمِكَ.	میں آپ کا بلڈ پریشر چیک کروں گا۔
إِنَّ ضَغْطَ الدَّمِ فِي حَالَةٍ طَبِيعِيَّةٍ .	بلڈ پریشر نارمل ہے۔
سَأُعْطِيكَ حُقْنَةً.	میں آپ کے انجکشن لگاؤں گا۔
عِنْدِي حَسَّاسِيَّةٌ.	مجھے الرجی ہے۔
عِنْدِيْ إِلْتِهَابٌ فِيْ اللَّوْزَةِ.	میرے گلے میں سوزش ہے۔
عِنْدِيْ إِلْتِهَابٌ فِي الْمَثَانَةِ.	میرے مثانہ میں سوزش ہے۔
أَنَا مُصَابٌ بِمَرَضِ الْقَلْبِ.	میں دل کا مریض ہوں۔
يَجِبُ أَنْ تَذْهَبَ إِلَى الْمُسْتَشْفَى لِإِجْرَاءِ كَشْفٍ عَامٍّ.	آپ ہسپتال جا کر مکمل چیک اپ کرایئے۔
لاَ يُوجَدُ مَا يَدْعُو إِلَى الْقَلَقِ.	گھبرانے کی کوئی بات نہیں ہے۔
سَأَصِفُ لَكَ دَوَاءً.	میں آپ کو دوا لکھ دیتا ہوں۔
عَلَيْكَ أَنْ تَشْتَرِيَ هٰذَا الدَّوَاءَ مِنَ الصَّيْدَلِيَّةِ.	آپ یہ دوا کیمسٹ کی دکان سے خرید لیجئے۔

عربی	اردو
أَنَا حَامِلٌ.	میں حاملہ ہوں۔
هَلْ يُمْكِنُنِي السَّفَرُ.	کیا میں سفر کر سکتی ہوں؟
مَتَى تَتَوَقَّعِينَ الْوِلَادَةَ؟	ولادت کب متوقع ہے؟
يَجِبُ أَلَّا تُسَافِرِي.	آپ کو سفر نہیں کرنا چاہئے۔
مَا الدَّوَاءَ الَّذِي تَأْخُذِينَهُ؟	آپ کیا دوا لے رہی ہیں؟
أَكْتُبُ لَكِ دَوَاءً.	میں آپ کو ایک دوا لکھ دیتا ہوں۔
خُذِي هٰذَا الدَّوَاءَ يَوْمِيًّا.	یہ دوا روزانہ لیجیے۔
لا أَسْتَطِيعُ أَنْ أُحَرِّكَ يَدِي.	میں اپنا ہاتھ نہیں ہلا سکتا ہوں۔
إِنَّهُ يُؤْلِمُنِي.	اس میں درد ہوتا ہے۔
يَجِبُ عَلَيْكَ أَنْ تَعْمَلَ أَشِعَّةَ إِيكْس.	آپ ایکس رے کرائیے۔
أَنَا فِي حَالَةٍ عَصَبِيَّةٍ.	مجھے اعصابی بے چینی ہے۔
أُرِيدُ حُبُوبًا مُنَوِّمَةً.	میں نیند آور گولیاں چاہتا ہوں۔
مِنْ فَضْلِكَ اُكْتُبْ لِي دَوَاءً مُسَكِّنًا.	براہ کرم میرے لیے مسکّن دوا لکھ دیجیے۔
أُعَانِي مِنْ إِجْهَادٍ عَصَبِيٍّ.	مجھے اعصابی تناؤ ہے۔
أَنْتَ مُحْتَاجٌ إِلَى رَاحَةٍ.	آپ کو آرام کی ضرورت ہے۔
مَا الْأَقْرَاصُ الَّتِي تَتَنَاوَلُهَا؟	آپ کونسی گولیاں لیتے ہیں؟
كَمْ قُرْصًا تَتَنَاوَلُ فِي الْيَوْمِ؟	دن میں کتنی گولیاں لیتے ہیں؟
مَا نَوْعُ هٰذَا الدَّوَاءِ؟	یہ کون سی قسم کی دوا ہے؟
كَمْ مَرَّةً فِي الْيَوْمِ يَجِبُ أَنْ أَتَنَاوَلَهُ؟	دن میں کتنی مرتبہ لوں؟
هَلْ أَبْتَلِعُهَا كَامِلَةً؟	کیا ان کو پوری نگل لوں؟
أَصِفُ لَكَ شَرْبَةً.	میں آپ کو ایک شربت لکھ دیتا ہوں۔
خُذْ مِلْعَقَةَ شَايٍ مِنْ هٰذِهِ الشَّرْبَةِ بَعْدَ كُلِّ ثَلَاثِ سَاعَاتٍ.	ہر تین گھنٹہ کے بعد اس شربت میں سے ایک چائے کا چمچہ لے لیجیے۔

وَخُذْ قُرْصَيْنِ مَعَ كُوْبِ مَاءٍ. — اور دو گولیاں ایک گلاس پانی کیساتھ لیجئے۔

خُذْ هٰذَا الْقُرْصَ مَرَّةً فِي الْيَوْمِ. — یہ گولی دن میں ایک مرتبہ لیجئے۔

قَبْلَ الطَّعَامِ. — کھانے سے پہلے۔

بَعْدَ الطَّعَامِ. — کھانے کے بعد۔

أَكْتُبُ لَكَ مُلَيِّناً. — میں آپ کو ایک ملیّن لکھ دیتا ہوں۔

خُذْ هٰذَا الْمُلَيِّنَ فِي اللَّيْلِ. — یہ ملیّن رات کو لے لیجئے۔

مَاذَا آخُذُ فِي الأَكْلِ. — کھانے میں کیا لوں؟

خُذْ كُلَّ مَا تَشْتَهِيهِ. — جو آپ کو رغبت ہو وہ لیجئے۔

طَبِيبُ أَسْنَانٍ / دانتوں کا ڈاکٹر

إِنْصَحْنِي بِطَبِيبِ أَسْنَانٍ جَيِّدٍ. — کوئی اچھا دانتوں کا ڈاکٹر بتائیے۔

أُرِيدُ مَوْعِداً مَعَ طَبِيبِ أَسْنَانٍ. — میں دانتوں کے ڈاکٹر کے ساتھ وقت لینا چاہتا ہوں۔

أَلَا يُمْكِنُ الْحُصُولُ عَلَى الْمَوْعِدِ قَبْلَ ذٰلِكَ؟ — کیا اس سے پہلے وقت ملنا ممکن نہیں؟

مَسَاءَ الْخَيْرِ يَا دُكْتُورُ! — شام بخیر ڈاکٹر صاحب!

مَسَاءَ الْخَيْرِ يَا سَيِّدِي! — شام بخیر جناب!

مَاذَا بِكَ؟ — آپ کو کیا ہوا؟

عِنْدِي ضِرْسٌ تَالِفٌ يُضَايِقُنِي. — میری ایک خراب ڈاڑھ مجھے پریشان کر رہی ہے۔

لَقَدْ عَانَيْتُ مِنْهُ أُسْبُوعاً بِكَامِلِه. — میں اس سے پورے ایک ہفتے تک

	پریشان رہا ہوں۔
إِنَّهُ يُؤْلِمُنِي جِدًّا.	اس سے مجھے شدید درد ہو رہا ہے۔
أَيُؤْلِمُكَ عِنْدَ مَا تَأْكُلُ؟	کیا کھاتے وقت آپ کو تکلیف ہوتی ہے؟
لَا! فَقَطْ عِنْدَ مَا يَلْمِسُهُ الْمَاءُ الْبَارِدُ.	نہیں، صرف اس وقت جب اس کو ٹھنڈا پانی لگتا ہے۔
إِنَّهُ إِلْتِهَابٌ فِي الْعَصَبِ.	یہ تو رگ میں سوزش ہے۔
هَلْ سَتَخْلَعُ هٰذَا الضِّرْسَ؟	کیا آپ اس ڈاڑھ کو نکالیں گے؟
لَا: أَصِفُ لَكَ دَوَاءً لِهٰذَا الْاِلْتِهَابِ.	نہیں، میں اس سوزش کے لئے آپ کو دوا لکھ دیتا ہوں۔
عِنْدَكَ أَيْضاً إِلْتِهَابُ اللِّثَةِ.	آپ کے مسوڑھوں میں بھی ورم ہے۔
وَلٰكِنَّ الْأَنْيَابَ وَالْقَوَاطِعَ سَلِيمَةٌ.	لیکن اوپر کے دانت اور سامنے والے دانت ٹھیک ہیں۔
مَاذَا يَشْكُو هٰذَا الضِّرْسُ؟	اس ڈاڑھ میں کیا شکایت ہے؟
إِنَّهُ تَالِفٌ، لَقَدْ أَحْدَثَ التَّسَوُّسُ فِيهِ ثَقْباً كَبِيراً.	یہ خراب ہوگئی ہے، کیڑا لگنے کی وجہ سے اس میں ایک بڑا سوراخ ہوگیا ہے۔
حَيْثُمَا تَذْهَبُ تَجِدُ مَحَلَّاتِ الْحَلْوَىٰ وَعَصِيرِ الْفَوَاكِهِ وَالْكَافِتِيرِيَا وَالْمَقَاهِي حَيْثُ تُقَدَّمُ أَنْوَاعٌ مُخْتَلِفَةٌ مِنَ الْمُرَطِّبَاتِ.
جہاں بھی آپ جائیں گے وہاں آپ کو مٹھائیوں کی دکانیں، پھلوں کے رس کی دکانیں، چائے خانے اور کیفے ملیں گے جہاں ہلکے پھلکے مشروبات پیش کئے جاتے ہیں۔

إِذَا اشْتَقْتَ إِلَى التَّسْلِيَةِ فَهُنَاكَ الْعَدِيدُ مِنْ دُوْرِ السِّينَمَا وَالْمَسَارِحِ وَالنَّوَادِي اللَّيْلِيَّةِ.
اگر آپ کو تفریح کا شوق ہے تو وہاں بہت سے سینما ہال، تھیٹر اور نائٹ کلب ہیں۔

وَفِي اللَّيْلِ تُضْفِي أَضْوَاءُ الْفُلُوْرِ سِنْتْ عَلَى الْمَدِينَةِ مَظْهَراً خَلَّاباً بَهِيجاً.
اور رات کے وقت برقی روشنیاں شہر کا بڑا دلکش اور روح پرور منظر پیش کرتی ہیں۔

أَلْمَدِيْنَةُ / شہر

مَدِيْنَةٌ	شہر
مَبَانِيُ	عمارات
شَوَارِعُ	سڑکیں
أَرْصِفَةٌ	پلیٹ فارم، پیدل چلنے کے راستے، فٹ پاتھ
مَوْقِفُ الْبَاصَاتِ	بس اسٹاپ
مَحَطَّةٌ	اسٹیشن
مَحَطَّةُ سِكَّةِ الْحَدِيْدِ	ریلوے اسٹیشن
مَطَارٌ	ہوائی اڈہ
مِيْنَاءٌ	بندرگاہ
سُوْقٌ	بازار
دَكَاكِيْنُ	دکانیں
مَكْتَبُ الْبَرِيْدِ	ڈاک خانہ
مَكْتَبُ التِّلْغِرَافِ	تارگھر
مَكْتَبُ الْهَاتِفِ	ٹیلیفون گھر (ایکس چینج)
مُسْتَشْفٰى	ہسپتال
فُنْدُقٌ	ہوٹل
حَانَةٌ	بار
مَلْهٰى	کلب

سِينِمَا	سینما
صَيْدَلِيَّةٌ	(انگریزی) دواؤں کی دکان
عِيَادَةٌ	مطب / کلینک
مَقْهَى	کیفے
مَطْعَمٌ	ریسٹورنٹ
مَصْبَغَةٌ	ڈائی کی دکان
مَكْتَبَةٌ	لائبریری
مَحَلُّ حَلَوِيَّاتٍ	مٹھائی کی دکان
مَسْمَكَةٌ	مچھلی کی دکان
مَلْحَمَةٌ	گوشت کی دکان
مَرْكَزُ شُرْطَةٍ	تھانہ
مَصْنَعٌ	کارخانہ
مُتْحَفٌ	عجائب گھر
مَكَانُ عُبُوْرِ الْمُشَاةِ	پیدل چلنے والوں کے لئے کراسنگ
إِشَارَةُ مُرُوْرٍ ضَوْئِيَّةٌ	سگنل لائٹ
مُنْحَنَى الطَّرِيْقِ	موڑ
كُشْكٌ لِلْبَيْعِ	اسٹال
حَدِيْقَةٌ عَامَّةٌ	پبلک پارک
عِمَارَةُ طُرُقٍ	چوراہا
عِمَارَةٌ سَكَنِيَّةٌ	رہائشی بلڈنگ
مَبْنَى الْمَكَاتِبِ	دفاتر کی بلڈنگ

عَمُوْدُ النُّوْرِ	بجلی کا کھمبا
سَلَّةُ زُبَالَةٍ	کوڑے دان
كُشْكُ الْهَاتِفِ	ٹیلیفون بوتھ

أَلْقَانُوْنُ / قانون

أَلتَّحَرِّيْ	سراغ رسانی
شُرْطِيٌّ	سپاہی
بِزَّةٌ رَسْمِيَّةٌ (لِلشُّرْطِيِّ)	(پولیس کی) وردی
مَرْكَزُ الشُّرْطَةِ	پولیس اسٹیشن
سَيَّارَةُ الشُّرْطَةِ	پولیس کی گاڑی
كَلْبٌ بُوْلِيْسِيٌّ	پولیس کا کتا
هِرَاوَةٌ	سپاہی کا ڈنڈا
قُيُوْدٌ	ہتھکڑیاں
بَصَامَاتُ الأَصَابِعِ	فنگر پرنٹ
آثَارُ أَقْدَامٍ	پاؤں کے نشان
السِّجْنُ	جیل
السَّجَّانُ	جیلر
السَّجِيْنُ	قیدی
زِنْزَانَةٌ (فِي السِّجْنِ)	قید خانے کی کوٹھری
قُضْبَانٌ	قید خانے کی سلاخیں

اَلْمَحْكَمَةُ	عدالت
اَلْمُحَلِّفُوْنَ	جیوری
شَاهِدٌ	گواہ
مُتَّهَمٌ	ملزم
قَفَصُ الاِتِّهَامِ	عدالت کا کٹہرا
اَلْقَاضِي	جج
اَلْمُحَامِي	وکیل
فِرْقَةُ الْمَطَافِي	فائر بریگیڈ

اَلْإِطْفَائِيَّةُ وَالْخَدَمَاتُ الطِّبِّيَّةُ

فائر بریگیڈ اور طبّی خدمات

رَجُلُ إِطْفَاءٍ	فائرمین
خُوْذَةٌ	ہیلمیٹ
خُرْطُوْمُ مِيَاهٍ	واٹر پائپ
حَنَفِيَّةٌ	ٹونٹی
جِهَازُ إِطْفَاءٍ	آتش فرو آلہ
سَيَّارَةُ إِطْفَاءٍ	آتش فرو گاڑی
سُلَّمٌ	سیڑھی
سُلَّمُ الْحَدِيْدِ	آہنی سیڑھی

نَارٌ، حَرِيْقٌ	آگ
دُخَانٌ	دھواں
لَهِيْبٌ	شعلہ
جَنَاحٌ فِي الْمُسْتَشْفٰى	ہسپتال کا وارڈ
سَرِيْرٌ (لِلْمَرْضٰى)	مریض کا بیڈ
طَبِيْبٌ	ڈاکٹر
سَمَّاعَةُ الطَّبِيْبِ	اسٹیتھسکوپ
عِصَابُ تَعْلِيْقِ السَّاعِدِ	زخمی بازو کو باندھنے والی پٹی
اَشِعَّةُ إِكْسٍ	ایکس رے
مُمَرِّضَةٌ	نرس
عُكَّازٌ	بیساکھی
ضِمَادٌ	پٹی
مِيْزَانُ حَرَارَةٍ	تھرمامیٹر
عُلْبَةُ حُبُوْبِ الدَّوَاءِ	گولیوں کا ڈبہ
زُجَاجَةُ دَوَاءٍ	دوا کی شیشی
حَمَّالَةٌ، نَقَّالَةٌ	اسٹریچر

أَلدِّفَاعُ الْوَطَنِيُّ / قومی دفاع

اَلْجَيْشُ	فوج
جُنْدِيٌّ	فوجی

بُنْدُقِيَّةٌ	بندوق
حَرْبَةٌ	خنجر
قَذِيفَةٌ مُوَجَّهَةٌ	گائیڈیڈ میزائل
سَيَّارَةُ جِيْبٍ	جیپ کار
مِدْفَعٌ	توپ
قَذِيفَةٌ	توپ کا گولا
دَبَّابَةٌ	ٹینک
قُنْبُلَةٌ يَدَوِيَّةٌ	دستی بم
مُسَدَّسٌ	ریوالور / پستول
رَصَاصَةٌ	گولی
مَاسُورَةُ الْمُسَدَّسِ	پستول کی نالی
مِدْفَعٌ رَشَّاشٌ	مشین گن
الْأُسْطُوْلُ الْبَحْرِيُّ	بحری بیڑا
سَفِيْنَةٌ حَرْبِيَّةٌ	جنگی جہاز
طُوْرْ بِيْدٌ	تارپیڈو
حَامِلَةُ طَائِرَاتٍ	طیارہ بردار بحری جہاز
غَوَّاصَةٌ	آب دوز
مِنْظَارُ الْأُفُقِ	اطراف بین
اَلْقُوَّاتُ الْجَوِّيَّةُ	فضائیہ
طَائِرَةٌ مُقَاتِلَةٌ	لڑاکا ہوائی جہاز
قُنْبُلَةٌ	بم

مِظَلَّةُ هُبُوطٍ، بَرَاشُوتٌ	پیراشوٹ
رُبَّانُ الطَّائِرَةِ	پائلٹ

مَوَادُّ الْبِنَاءِ / تعمیری سازوسامان

رَافِعَةٌ	کرین
بَنَّاءٌ	معمار
عَامِلٌ	مزدور
أَخْشَابُ السَّقْفِ	بلیاں
قِرْمِيدَةٌ	ٹائل
سِقَالَةٌ	پاڑ، مچان
طُوبٌ، آجُرٌّ	اینٹ
أَسَاسٌ	بنیاد
لَوْحٌ مِنَ الْخَشَبِ	عمارتی لکڑی کا تختہ
مِعْوَلٌ	کدال
مِجْرَفَةٌ	پھاوڑا
رَمْلٌ	ریت
إِسْمَنْتٌ	سمنٹ
مَالَجٌ	کرنی
حَمَّالَةٌ لِنَقْلِ الْمِلَاطِ	تسلا
شَاكُوشٌ	ہتھوڑی

حَفَّارَةٌ	کھدائی مشین
خَلَّاطَةُ إِسْمَنْتٍ	کنکریٹ مکسر
مِثْقَبٌ كَهْرَبَائِيٌّ	الیکٹرک ڈرل

أَدَوَاتُ النَّجَّار / بڑھئی کے اوزار

طَاوِلَةُ النَّجَّارِ	بڑھئی کی میز	مِسْحَاجٌ	رندہ
مِبْرَدٌ	ریتی	مِثْقَابٌ	برما
وَرَقُ زُجَاجٍ	ریگ مال	مِثْقَابٌ لَفَّافٌ	پیچ برما
إِزْمِيلٌ	چھینی، بسولا	فَأْسٌ	کلہاڑی
سِكِّينُ جَيْبٍ	جیبی چاقو	بُرْغِيٌّ	پیچ
مِفْتَاحُ رَبْطٍ	رنچ، پانا	مِسْمَارٌ لَوْلَبٌ	پیچ دار کیل
مِفَكُّ الْبَرَاغِي	پیچ کس	مِسْمَارٌ	کیل
مِلْزَمَةٌ	شکنجہ	حَلْقَةٌ رَقِيقَةٌ لِإِحْكَامِ الْوَصْلِ	واشر (واشل)
مِسْحَاةٌ	بیلچہ		
مِجَزَّةٌ	قینچی کی طرح کا ایک اوزار	صَمُولَةٌ	نٹ
		مِنْشَارٌ	آری
كَمَّاشَةٌ	زنبور	مِنْشَارُ الْمَعَادِنِ	دھات کاٹنے والی دستی آری
سَاطُورٌ	بغدہ		
مِطْرَقَةٌ	ہتھوڑا	زَرَدِيَّةٌ	پلاس

أَلْهَاتِفُ / ٹیلیفون

أَيْنَ التِّلِيفُوْنُ؟	ٹیلیفون کہاں ہے؟
هَلْ يُمْكِنُنِي إِسْتِعْمَالُ التِّلِيفُوْنِ؟	کیا میں ٹیلیفون استعمال کر سکتا ہوں؟
هَلْ عِنْدَكَ دَلِيْلُ هَوَاتِفِ دِلْهِي؟	کیا آپکے پاس دہلی کی ٹیلیفون ڈائرکٹری ہے؟
مِنْ فَضْلِكَ سَاعِدْنِي فِي الإِتِّصَالِ بِهٰذَا الرَّقْمِ.	براہ کرم اس نمبر پر رابطہ قائم کرنے میں میری مدد کیجئے۔
اَلْخَطُّ مَشْغُوْلٌ.	لائن مصروف ہے۔
أَلُوْ : أَنَا رَاشِدٌ أَتَكَلَّمُ.	ہیلو! میں راشد بول رہا ہوں۔
أُرِيْدُ أَنْ أَتَحَدَّثَ إِلَى صَدِيْقِي أَسْعَدَ.	میں اپنے دوست اسعد سے بات کرنا چاہتا ہوں۔
أَلُوْ : أَنَا لَا أَسْمَعُ الصَّوْتَ.	ہیلو مجھے آواز سنائی نہیں دے رہی۔
أُفْ : إِنْقَطَعَ الْخَطُّ.	افوہ! لائن کٹ گئی۔
مِنْ فَضْلِكَ حَاوِلْ مَرَّةً أُخْرَى.	ذرا دوبارہ کوشش کیجئے۔
مِنْ فَضْلِكَ قُلْ لَهُ إِنِّي إِتَّصَلْتُ بِهِ.	آپ برائے مہربانی ان سے کہہ دیجئے کہ میں نے رابطہ قائم کیا تھا۔
مِنْ فَضْلِكَ أُطْلُبْ مِنْهُ الإِتِّصَالَ بِي.	برائے مہربانی ان سے کہہ دیجئے کہ مجھ سے رابطہ قائم کرلیں۔
مِنْ فَضْلِكَ خُذْ هٰذِهِ الرِّسَالَةَ.	براہ کرم یہ پیغام لے لیجئے۔
بِكَمْ هٰذِهِ الْمُكَالَمَةُ؟	یہ کال کتنے کی ہے؟
أُرِيْدُ أَنْ أَدْفَعَ ثَمَنَ الْمُكَالَمَةِ.	میں کال کی قیمت ادا کرنا چاہتا ہوں۔

هَلْ يُوجَدُ خطٌّ مُباشِرٌ بَيْنَ دِلْهِي وَلاهَوْر؟	کیا دہلی اور لاہور کے درمیان ڈائرکٹ لائن ہے؟
تُوجَدُ مُكالَمَةٌ لَكَ.	آپ کے لئے ٹیلیفون کال ہے۔
مَا الرَّقْمَ الَّذِي تَطْلُبُه؟	آپ نے کون سا نمبر مانگا ہے؟
اَلْخَطُّ مَشْغُوْلٌ.	لائن مشغول ہے۔
لَا يَرُدُّ أَحَدٌ.	کوئی جواب نہیں دے رہا ہے۔
اَلتِّلِيفُوْنُ عَطْلَانٌ.	ٹیلیفون خراب ہے۔
اَلرَّقْمُ خَطَأٌ.	نمبر غلط ہے۔
اَلآنَ يُمْكِنُ أَنْ تتكلَّمَ عَلَى الهَاتِفِ.	اب آپ فون پر بات کر سکتے ہیں۔
هَالُو : سَالِمُ.	ہیلو! سالم۔
أَنَا سَعِيْدٌ أَتَكَلَّمُ.	میں سعید بول رہا ہوں۔
مَاذَا سَتَفْعَلُ مَسَاءَ الْيَوْمِ؟	تم آج شام کو کیا کر رہے ہو؟
سَأَذْهَبُ إلى المَطَارِ.	میں ہوائی اڈے جاؤں گا۔
لِمَاذَا؟	کیوں؟
سَيَصِلُ إبْنُ عَمِّي مَسَاءَ الْيَوْمِ مِنَ الْمَمْلَكَةِ الْعَرَبِيَّةِ السَّعُوْدِيَّةِ.	میرا چچیرا بھائی آج شام کو سعودی عرب سے پہنچ رہا ہے۔
كَمْ مُدَّة مَضَتْ عَلَى غِيَابِهِ؟	وہ کتنے عرصہ سے باہر ہے؟
مَضَتْ حَوَالَيْ أَرْبَعِ سَنَوَاتٍ.	تقریباً چار سال ہو گئے۔
هَلْ سَتَسْتَقْبِلُهُ فِيْ الْمَطَارِ؟	کیا تم ہوائی اڈہ پر اسکا استقبال کرو گے؟
نَعَمْ :	ہاں۔
مَتَى؟	کب؟

فِي السَّابِعَةِ مَسَاءً.	شام کو سات بجے۔
مَتَى سَتَهْبِطُ الطَّائِرَةُ؟	جہاز کب پہونچے گا؟
سَتَهْبِطُ الطَّائِرَةُ فِي السَّاعَةِ السَّابِعَةِ وَالنِّصْفِ.	جہاز شام کو ساڑھے سات بجے پہنچے گا۔
سَأكُونُ هُنَاكَ فِي الْمِيْعَادِ.	میں وقت پر وہاں پہنچ جاؤں گا۔
مَاذَا سَتَفْعَلُ فِي اللَّيْلِ؟	تم رات میں کیا کروگے؟
أنَا مُتَفَرِّغٌ هٰذِهِ اللَّيْلَةَ.	میں آج رات میں خالی ہوں۔
أُرِيْدُ أنْ ألْقَاكَ.	تم سے ملنا چاہتا ہوں۔
طَيِّبٌ : سَأبْقَى فِي الْبَيْتِ.	ٹھیک ہے، میں گھر پر رہوں گا۔

فِي مَكْتَبِ الْبَرِيْدِ / ڈاک خانہ میں

أيْنَ أقْرَبُ مَكْتَبِ بَرِيْدٍ؟	قریب ترین ڈاک خانہ کہاں ہے؟
هَلْ يُمْكِنُنِي الذَّهَابُ إلَى مَكْتَبِ الْبَرِيْدِ مَاشِياً؟	کیا میں ڈاک خانہ پیدل جا سکتا ہوں؟
إنَّهُ بَعِيْدٌ جِدًّا لأنْ تَذْهَبَ مَاشِياً.	پیدل جانے کے لئے کافی دور ہے۔
أرْجُوْكَ أنْ تَدُلَّنِي عَلَى مَكْتَبِ الْبَرِيْدِ.	براہ کرم آپ مجھے ڈاک خانہ کا راستہ بتادیجئے۔
عَلَيْكَ أنْ تَذْهَبَ فِي التَّاكْسِي.	آپ کو ٹیکسی سے جانا چاہئے۔
هَلْ أطْلُبُ لَكَ تَاكْسِي؟	کیا میں آپ کے لئے ٹیکسی بلاؤں؟
نَعَمْ : أُطْلُبْ لِي تَكْسِي مِنْ فَضْلِكَ.	ہاں: براہ کرم ٹیکسی بلادیجئے۔
مَتَى يُفْتَحُ مَكْتَبُ الْبَرِيْدِ؟	ڈاک خانہ کب کھلتا ہے؟

يُفْتَحُ مَكْتَبُ الْبَرِيْدِ فِي السَّاعَةِ الْعَاشِرَةِ.	ڈاک خانہ دس بجے کھلتا ہے۔
مَتٰى يُقْفَلُ مَكْتَبُ الْبَرِيْدِ؟	ڈاک خانہ کب بند ہوتا ہے؟
يُقْفَلُ مَكْتَبُ الْبَرِيْدِ فِي السَّاعَةِ الْخَامِسَةِ.	ڈاک خانہ پانچ بجے بند ہوتا ہے۔
أَيْنَ شُبَّاكُ الطَّوَابِعِ؟	ٹکٹ کونسی کھڑکی پر ملیں گے؟
يُمْكِنُكَ أَنْ تَشْتَرِيَ الطَّوَابِعَ مِنَ الشُّبَّاكِ رَقْمِ (١٠).	آپ ٹکٹ کھڑکی نمبر دس سے خرید سکتے ہیں۔
أُرِيْدُ أَرْبَعَةَ طَوَابِعَ مِنْ فِئَةِ رُوْبِيَةٍ وَاحِدَةٍ وَطَابِعَيْنِ مِنْ فِئَةِ خَمْسِيْنَ بَيْسَةً.	مجھے چار ایک روپے والے اور دو پچاس پیسے والے ٹکٹ چاہئیں۔
بِكَمِ الْخِطَابُ لِمِصْرَ؟	مصر کے لئے خط کتنے میں جاتا ہے؟
هَلْ كُلُّ الْخِطَابَاتِ تُرْسَلُ بِالْبَرِيْدِ الْجَوِّيِّ؟	کیا تمام خطوط ایر میل سے جاتے ہیں؟
أُرِيْدُ أَنْ أُرْسِلَ هٰذِهِ الرِّسَالَةَ بِالْبَرِيْدِ الْجَوِّيِّ.	میں یہ خط ہوائی ڈاک سے بھیجنا چاہتا ہوں۔
أَيْنَ صُنْدُوْقُ الْخِطَابَاتِ؟	لیٹر بکس کہاں ہے؟
أُرِيْدُ إِرْسَالَ هٰذَا الطَّرْدِ.	میں یہ پارسل بھیجنا چاہتا ہوں۔
أُرِيْدُ إِرْسَالَ هٰذِهِ الْخِطَابَاتِ بِالْبَرِيْدِ الْمُسَجَّلِ.	میں یہ خط رجسٹرڈ ڈاک سے بھیجنا چہاتا ہوں۔
مِنْ فَضْلِكَ أَعْطِنِيْ بِطَاقَةً وَمَظْرُوْفًا.	براہ مہربانی مجھے ایک کارڈ اور ایک لفافہ دیجئے۔
أُرِيْدُ أَنْ أُحَوِّلَ هٰذَا الطَّرْدَ عَلَى الْمُشْتَرِيْ بِالْبَرِيْدِ.	میں یہ پارسل وی پی کرنا چاہتا ہوں۔
أَيْنَ الطَّرْدُ الْمُحَوَّلُ.	وی پی پارسل کہاں ہے؟

هَلْ تُوجَدُ عِنْدَكُمْ خِطَابَاتٌ لِي إِسْمِي	کیا آپ کے پاس میری ڈاک ہے؟
رَاشِدٌ.	میرا نام راشد ہے۔
رَقْمُ صُنْدُوقِ بَرِيْدِيْ ٧٨٦.	میرا پوسٹ بکس نمبر ۷۸۶ ہے۔
أُرِيْدُ أَنْ أُرْسِلَ بَرْقِيَّةً.	میں ایک ٹیلیگرام بھیجنا چاہتا ہوں۔
هَلْ تُرِيْدُ إِرْسَالَ بَرْقِيَّةٍ عَادِيَّةٍ أَوْ عَاجِلَةٍ؟	کیا آپ آرڈنری ٹیلی گرام بھیجنا چاہتے ہیں یا ارجنٹ؟
أُرِيْدُ إِرْسَالَ بَرْقِيَّةٍ عَاجِلَةٍ.	میں ارجنٹ ٹیلی گرام بھیجنا چاہتا ہوں۔
طَيِّبٌ: عَبِّئْ اِسْتِمَارَةَ الْبَرْقِيَّةِ.	ٹھیک ہے: ٹیلی گرام کا فارم پر کیجئے۔
هَلْ تَتَكَرَّمُ بِتَعْبِئَةِ هٰذِهِ الإِسْتِمَارَةِ لأَنِّي لا أَعْرِفُ الْكِتَابَةَ.	کیا براہ مہربانی آپ یہ فارم بھر دیں گے کیوں کہ میں لکھنا نہیں جانتا۔
كَمْ يُكَلِّفُ إِرْسَالُ هٰذِهِ الْبَرْقِيَّةِ ۱۰ جلةِ؟	اس ارجنٹ ٹیلی گرام کو بھیجنے میں کتنا خرچ آئے گا؟
عَشْرَ رُوْبِيَّاتٍ فَقَطْ.	صرف دس روپے۔
بِكَمْ كَلِمَةٌ وَاحِدَةٌ؟	ایک لفظ کا کیا لگتا ہے؟
خَمْسُوْنَ بَيْسَةً لِكُلِّ كَلِمَةٍ.	ایک لفظ کے پچاس پیسے۔
مَتٰى تَصِلُ الْبَرْقِيَّةُ إِلٰى لاهُوْر؟	ٹیلی گرام لاہور کب پہونچے گا؟
فِي الصَّبَاحِ.	صبح کو۔
مَكْتَبُ الْبَرِيْدِ الْعَامِّ.	جنرل پوسٹ آفس (بڑا ڈاک خانہ)
مَكْتَبُ الْبَرِيْدِ الرَّئِيْسِيِّ.	ہیڈ پوسٹ آفس
صُنْدُوْقُ الْبَرِيْدِ	پوسٹ بکس
طَرْدٌ	پارسل

صُنْدُوقُ الْخِطَابَاتِ	پوسٹ بکس (لیٹر بکس)
أُجْرَةُ الْبَرِيْدِ	محصول ڈاک
إِسْمُ الْمُرْسِلِ	بھیجنے والے کا نام
عُنْوَانُ الْمُرْسِلِ	بھیجنے والے کا پتہ
اَلْمُرْسَلُ إِلَيْهِ	پانے والا (مکتوب الیہ)
خِطَابٌ مُسَجَّلٌ	رجسٹرڈ خط
مَطْبُوْعَاتٌ	پرنٹڈ میٹر
حَوَالَةٌ بَرِيْدِيَّةٌ	پوسٹل آرڈر
وَكِيْلُ مَكْتَبِ الْبَرِيْدِ	پوسٹ ماسٹر
مُوَزِّعُ الْبَرِيْدِ/سَاعِيُ الْبَرِيْدِ	پوسٹ مین (ڈاکیہ)
مَكْتَبُ إِسْتِعْلاَمَاتٍ	انکوائری آفس
حَوَالَةٌ مَالِيَّةٌ	منی آرڈر
فَرْزُ الْخِطَابَاتِ	خطوط چھانٹنا
طَرْدٌ مُؤَمَّنٌ عَلَيْهِ	انشورڈ پارسل
شَهَادَةٌ جُمْرِكِيَّةٌ	کسٹم ڈکلریشن
حَقِيْبَةُ الْبَرِيْدِ	ڈاک کا تھیلا
رِسَالَةٌ جَوِيَّةٌ	ہوائی ڈاک سے بھیجا جانیوالا خط (ایرمیل)
خَتْمُ الْبَرِيْدِ	ڈاک کی مہر
طَابِعُ الْبَرِيْدِ	ڈاک ٹکٹ
بِالْبَرِيْدِ الْجَوِّيِّ	ہوائی ڈاک
عُنْوَانٌ	پتہ
وَرَقٌ لِكِتَابَةِ الرَّسَائِلِ،	خط لکھنے کا کاغذ

بِطَاقَةٌ بَرِيْدِيَّةٌ	پوسٹ کارڈ
ظَرْفٌ	لفافہ
لِسَانُ الظَّرْفِ	فلیپ
بَرْقِيَّةٌ	تار
شَمْعٌ أَحْمَرُ	مہر لاکھ
بِطَاقَةٌ لِكِتَابَةِ الاِسْمِ وَالعُنْوَانِ	لیبل

أَلبَنكُ / بینک

أَيْنَ أَقْرَبُ بَنْكٍ؟	قریب ترین بینک کہاں ہے؟
أَيْنَ يُمْكِنُ صَرْفُ شِيْكَاتٍ سِيَاحِيَّةٍ؟	ٹریولرس چیک کہاں کیش ہو سکتے ہیں؟
أُرِيْدُ أَنْ أَفْتَحَ حِسَاباً فِي الْبَنْكِ.	میں بینک میں اکاؤنٹ کھولنا چاہتا ہوں۔
أَيَّ حِسَابٍ تُرِيْدُ أَنْ تَفْتَحَ.	آپ کونسا اکاؤنٹ کھولنا چاہتے ہیں؟
حِسَابَ إِيْدَاعٍ أَمْ حِسَاباً جَارِياً؟	فکسڈ ڈپازٹ اکاؤنٹ یا کرنٹ اکاؤنٹ؟
كَمْ مَبْلَغاً تُرِيْدُ أَنْ تُوْدِعَ فِي الْحِسَابِ؟	آپ اکاؤنٹ میں کتنی رقم جمع کرانا چاہتے ہیں؟
مَامِقْدَارُ الْفَائِدَةِ الَّتِيْ تَدْفَعُوْنَهَا؟	آپ کتنا انٹرسٹ (سود) دیتے ہیں؟
۱۰٪ عَلَى الْحِسَابِ الْمُوْدَعِ.	فکسڈ ڈپازٹ پر ۱۰٪۔
أُرِيْدُ صَرْفَ دُوْلاَرَاتٍ.	میں ڈالر تبدیل کرانا چاہتا ہوں۔
مَا سِعْرُ الصَّرْفِ؟	تبدیل کرنے کا ریٹ کیا ہے؟
مَا الْعُمُوْلَةَ الَّتِيْ يَأْخُذُهَا الْبَنْكُ؟	بینک کتنا کمیشن لیتا ہے؟

مِنْ فَضْلِکَ أَعْطِنِي وَرَقَةً مِنْ فِئَةِ الْعَشْرِ دُوْلَارَاتٍ وَبَعْضَ الْفَكَّةِ.	براہ کرم مجھے دس ڈالر کا ایک نوٹ دیجئے اور کچھ ریزگاری۔
أَعْطِنِي عَشْرَ أَوْرَاقٍ مِنْ فِئَةٍ كَبِيْرَةٍ وَالْبَاقِي مِنْ فِئَاتٍ صَغِيْرَةٍ.	مجھے دس بڑے نوٹ دیجئے اور باقی چھوٹے۔
مِنْ فَضْلِکَ رَاجِعْ هٰذَا.	براہ کرم اس کو چیک کر لیجئے۔
أُرِيْدُ إِيْدَاعَ هٰذَا فِي حِسَابِي.	میں یہ اپنے اکاؤنٹ میں جمع کرانا چاہتا ہوں.
أَيْنَ أُوَقِّعُ؟	دستخط کہاں کروں؟
حِسَابٌ جَارٍ	کرنٹ اکاؤنٹ
حِسَابُ إِيْدَاعٍ	ڈپازٹ اکاؤنٹ
مَبْلَغٌ	رقم
نُقُوْدٌ	کیش
وَرَقَةٌ نَقْدِيَّةٌ	بینک نوٹ
فَكَّةٌ	ریزگاری
عُمْلَةٌ	کرنسی
حَوَالَةٌ مَالِيَّةٌ	ڈرافٹ
رَأْسُمَالٍ	سرمایہ
فَاتُوْرَةٌ	بل
دَفْتَرُ الْحِسَابِ	پاس بک
حِسَابٌ مُشْتَرَكٌ	مشترک اکاؤنٹ
حِسَابُ الْوَدِيْعَةِ الثَّابِتَةِ	فکسڈ ڈپازٹ
حِسَابُ الْإِدِّخَارِ	سیونگ اکاؤنٹ

أَلنُّقُوْدُ وَإِصْطِلَاحَاتٌ تِجَارِيَّةٌ

سکے اور تجارتی اصطلاحات

عُمْلَةٌ وَرَقِيَّةٌ	کاغذی کرنسی	سُفْتَجَةٌ (حَوَالَةٌ مَالِيَّةٌ)	ہنڈی
نَقْد (عُمْلَةٌ مَعْدِنِيَّةٌ)	سکہ	أَلْفَائِدَةُ	سود
عُمْلَةٌ، نُقُوْدٌ	زر، کرنسی	تَفْلِيْسَةٌ	دیوالیہ
فَكَّةٌ	ریزگاری	تَعْوِيْضُ الْخَسَارَةِ	تاوان، ہرجانہ
جُنَيْهٌ	پاؤنڈ	رِبْحٌ	منافع
قِرْشٌ	پیسہ	خَسَارَةٌ	نقصان
دِيْنَارٌ	دینار	دَخْلٌ	آمدنی
فِلْسٌ	فلس	رَأْسُمَالٍ	سرمایہ
دُوْلَارٌ	ڈالر	دَفَاتِرُ-سِجِلَّاتٌ	رجسٹر
تِجَارَةٌ	تجارت	مَكْتَبٌ	دفتر
كَمْبِيَالَةٌ	بل	كَاتِبٌ	کلرک
حَوَالَةٌ	ڈرافٹ	أَمِيْنُ صُنْدُوْقٍ-صَرَّافٌ	خزانچی / کیشئر
حَوَالَةٌ تُدْفَعُ حَالَ الإِطِّلَاعِ	(بل ایٹ سائٹ)	وَكِيْلٌ	ایجنٹ
تَحْوِيْلُ الْكَمْبِيَالَةِ	بل اندراج	خَصْمٌ	چھوٹ / کٹوتی
وِكَالَةٌ	ایجنسی	إِيْصَالٌ، وَصْلٌ	رسید
بَضَائِعُ	مال سامان	مَبْلَغٌ	رقم
فَاتُوْرَةٌ	رسید، بل	أَلْمَجْمُوْعُ	میزان

بُوْلِيْصَةُ شَحْنٍ	(بل آف لیڈنگ) بحری جہاز سے لدانے کے کاغذ	اَلثَّمَنُ، اَلْقِيْمَةُ، السِّعْرُ	قیمت
اِرْتِفَاعُ الأَسْعَارِ	قیمتوں میں اضافہ	شِرَاءٌ	خرید
اِنْخِفَاضُ الأَسْعَارِ	قیمتوں میں کمی	بَيْعٌ	فروخت
مَبِيْعٌ بِالْجُمْلَةِ	تھوک	اَلرَّصِيْدُ	بیلنس (بچت)
مَبِيْعٌ بِالْمُفَرَّقِ	پرچون	اَلْمِيْزَانِيَّةُ	بجٹ
اَلْبَيْعُ نَقْداً	نقد فروخت	دَفْتَرُ الْيَوْمِيَّاتِ	روزنامچہ
اَلْبَيْعُ دَيْناً	ادھار فروخت	يَوْمِيَّةُ الشَّطْبِ	فالتو روزنامچہ
شِرْكَةٌ	شراکت	عَيِّنَةٌ	سیمپل۔ نمونہ
شَرِيْكٌ	شریک	نَمُوْذَجٌ	نمونہ
سَهْمٌ	حصہ	قِسْطٌ	قسط
مُسَاهِمٌ	حصہ دار	اَلْحُمُوْلَةُ، رُسُوْمُ الشَّحْنِ	کرایہ
دُفْعَةٌ أُوْلَى	پہلی قسط	رُسُوْمٌ جُمْرُكِيَّةٌ	کسٹم ڈیوٹی
حِسَابٌ	اکاؤنٹ	اَلدُّيُوْنُ	قرضے
حِسَابٌ جَارٍ	کرنٹ اکاؤنٹ	قَرْضٌ	قرض
حِسَابُ تَوْفِيْرٍ	سیونگ اکاؤنٹ	تَأْمِيْنٌ	انشورنس
رَهْنٌ	رہن	عُمُوْلَةٌ، قُوْمِسْيُوْنٌ	کمیشن
مَزَادٌ	نیلام	سِمْسَارٌ	دلال
دَلاَّلٌ	نیلامی والا	ضَرِيْبَةٌ	ٹیکس
طَلَبٌ	طلب	ضَرِيْبَةُ دَخْلٍ	انکم ٹیکس
عَرْضٌ	پیشکش	اَلشَّحْنُ	کارگو
طَلَبِيَّةٌ	آرڈر		

اَلْمَالُ / روپیہ پیسہ

إِسْمَعْ يَانَبِيْلُ! هٰذَا كَلَامٌ غَيْرُ مَعْقُوْلٍ.	سنو نبیل! یہ بات نامعقول ہے۔
لِمَاذَا؟	کیوں؟
لِأَنَّنِي أَعْرِفُ مَحْمُوْداً جَيِّداً.	کیونکہ میں محمود کو اچھی طرح جانتا ہوں۔
وَهُوَ لَيْسَ بَخِيْلاً كَمَا تَقُوْلُ.	وہ بخیل نہیں ہے جیسا کہ تم کہتے ہو۔
عَلَى كُلِّ حَالٍ، هٰذِهِ فِكْرَتِي عَنْهُ وَقَدْ أَكُوْنُ عَلَى خَطَإٍ.	بہر حال اسکے بارے میں یہ میری رائے ہے اور ہو سکتا ہے کہ میں غلطی پر ہوں۔
طَبْعاً أَنْتَ عَلَى خَطَإٍ لِأَنَّ كُلَّ وَاحِدٍ يَعْرِفُ أَنَّ مَحْمُوْداً كَرِيْمٌ وَلَيْسَ بَخِيْلاً.	یقیناً تم غلطی پر ہو کیونکہ ہر آدمی جانتا ہے کہ محمود ایک سخی آدمی ہے اور وہ بخیل نہیں ہے۔
إِسْأَلْ فَاطِمَةَ.	فاطمہ سے پوچھو۔
هَلْ تَظُنِّيْنَ أَنَّ مَحْمُوْداً بَخِيْلٌ يَافَاطِمَةُ؟	فاطمہ کیا تم سمجھتی ہو کہ محمود ایک بخیل آدمی ہے؟
مَنْ يَقُوْلُ ذٰلِكَ؟	یہ کون کہتا ہے؟
نَبِيْلٌ يَقُوْلُ ذٰلِكَ.	نبیل ایسا کہتا ہے۔
إِنَّ نَبِيْلاً لَا يُعْجِبُهُ أَحَدٌ فِي هٰذِهِ الدُّنْيَا.	نبیل کو تو اس دنیا میں کوئی بھی پسند نہیں ہے۔
كَمَاتَعْلَمُ يَا نَبِيْلُ هُنَاكَ فَرْقٌ بَيْنَ الْبُخْلِ وَالْحِكْمَةِ فِي صَرْفِ الْمَالِ، كَمَا أَنَّ هُنَاكَ أَيْضاً فَرْقاً بَيْنَ الْكَرَمِ وَالتَّبْذِيْرِ.	جیسا کہ تم جانتے ہو نبیل کہ پیسہ خرچ کرنے کے معاملے میں کنجوسی اور دور اندیشی میں فرق ہے جیسا کہ فیاضی اور فضول خرچی میں۔
أَنَا أَعْرِفُ هٰذَا، وَوَاضِحٌ أَنَّكُمْ لَمْ تَفْهَمُوْا قَصْدِي.	میں یہ بات جانتا ہوں اور صاف ظاہر ہے کہ آپ لوگ میرا مطلب نہیں سمجھے۔
مَاذَا كُنْتَ تَقْصِدُ إِذَنْ؟	تب تمہارا کیا مطلب تھا؟

كُنْتُ أَقْصِدُ أَنْ أَقُوْلَ أَنَّ الشَّخْصَ يَجِبُ أَنْ يُمَتِّعَ نَفْسَهُ بِمَالِهِ لِأَنَّهُ لَا فَائِدَةَ مِنْ تَوْفِيْرِ كُلِّ قِرْشٍ فِي الْبُنْكِ.

میں یہ کہنا چاہتا تھا کہ آدمی کو اپنے پیسے سے لطف اندوز ہونا چاہئے کیونکہ ایک ایک پیسہ بینک میں جمع کرنے سے کوئی فائدہ نہیں ہے۔

قَدْ تَكُوْنُ هٰذِهِ نَظْرَتُكَ أَنْتَ فِي الْحَيَاةِ لٰكِنْ لَيْسَ مِنَ الضَّرُوْرِيِّ أَنْ يَتَّفِقَ كُلُّ وَاحِدٍ مَعَكَ.

زندگی کے بارے میں یہ تمہارا اپنا نظریہ ہوسکتا ہے، لیکن ضروری نہیں ہے کہ ہر آدمی تمہاری بات سے اتفاق کرے۔

أَتَعْنِي يَا نَبِيْلُ! أَنَّكَ تُنْفِقُ كُلَّ قِرْشٍ وَلَا تَدَّخِرُ أَيَّ شَيْءٍ لِلْمُسْتَقْبَلِ؟

نبیل! کیا تمہارا مطلب ہے کہ تم تمام پیسہ خرچ کردیتے ہو اور مستقبل کے لئے کچھ نہیں بچاتے؟

أَنَا لَا أَهْتَمُّ إِلَّا بِالْحَاضِرِ وَالْمَثَلُ يَقُوْلُ: "أَحْيِنِيْ الْيَوْمَ وَأَمِتْنِيْ غَدًا"

میں صرف موجودہ وقت کی پروا کرتا ہوں اور یہ کہاوت بھی ہے کہ "آج جی لینے دو کل کس نے دیکھا ہے"۔

وَلٰكِنْ هُنَاكَ مَثَلٌ آخَرُ يَقُوْلُ:

لیکن ایک اور کہاوت ہے کہ:

"اَلْقِرْشُ الْأَبْيَضُ يَنْفَعُ فِي الْيَوْمِ الْأَسْوَدِ".

"نقرئی سکہ آڑے وقت میں کام آتا ہے"۔

مُحَادَثَةٌ عَنْ سَرِقَةِ الْبُنْكِ

بینک ڈکیتی کے بارے میں گفتگو

هَلْ سَمِعْتُمْ أَهَمَّ خَبَرٍ فِي الْجَرَائِدِ الْمَسَائِيَّةِ؟

کیا آپ نے شام کے اخبارات کی اہم ترین خبر سنی؟

نَعَمْ: إِنَّهَا وَاحِدَةٌ مِنْ أَكْبَرِ السَّرِقَاتِ الْمَعْرُوْفَةِ.

جی ہاں: یہ اب تک کی بڑی ڈکیتیوں میں سے ایک ہے۔

هَرَبَ اللُّصُوْصُ بِنِصْفِ مِلْيُوْنِ رُوْبِيَّةٍ.

چور پانچ لاکھ روپیہ لے کر فرار ہوگئے۔

يَا إِلٰهِيْ! إِنَّهُ مَبْلَغٌ ضَخْمٌ.

خدا کی پناہ! یہ تو بہت بڑی رقم ہے۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ أَنَّ أَحَدًا لَمْ يُقْتَلْ.

خدا کا شکر ہے کہ کوئی مارا نہیں گیا۔

هَلْ أُصِيبَ أَحَدٌ؟	کیا کوئی زخمی ہوا؟
أُصِيبَ ثَلَاثَةٌ مِنْ رِجَالِ الشُّرْطَةِ أَثْنَاءَ مُطَارَدَتِهِمْ لِلُّصُوصِ.	چوروں کا پیچھا کرتے ہوئے تین پولیس والے زخمی ہو گئے۔
كَمَا أُصِيبَ شَخْصَانِ مِنْ زَبَائِنِ الْبَنْكِ.	بینک کے دو گاہک بھی زخمی ہوئے۔
أُنْظُرْ إِلَى هٰذِهِ الصُّوْرَةِ الْمَنْشُوْرَةِ لِلْحَادِثِ.	حادثے کی جو تصویر چھپی ہے اس کو دیکھو۔
لَقَدْ بَدَا الْمَكَانُ بَعْدَ الْحَادِثِ وَكَأَنَّهُ أَرْضُ مَعْرَكَةٍ.	جائے واردات تو میدان کارزار معلوم ہو رہی ہے۔
دِمَاءٌ وَرَصَاصَاتٌ فَارِغَةٌ وَنَوَافِذُ زُجَاجِيَّةٌ مُكَسَّرَةٌ وَأَشْيَاءُ أُخْرَى مُتَنَاثِرَةٌ.	خون، گولیوں کے خالی خول، ٹوٹی ہوئی شیشے کی کھڑکیاں اور ادھر ادھر بکھری ہوئی چیزیں۔
إِنَّ تَعْلِيقَ الصُّحُفِ يَعْكِسُ غَضَبَهَا.	اخبارات کا تبصرہ ان کے غصے کا مظہر ہے۔
هٰذَا تَعْلِيقٌ يَقُوْلُ: إِلَى مَتَى سَتَظَلُّ بُنُوْكُنَا عُرْضَةً لِلسَّلْبِ وَالنَّهْبِ؟	یہ ایک تبصرہ ہے جس میں کہا گیا ہے کہ کب تک ہمارے بینک لوٹ مار کا شکار ہوتے رہیں گے۔
وَإِلَى مَتَى سَتَظَلُّ أَرْوَاحُ النَّاسِ الْأَبْرِيَاءِ مُهَدَّدَةً بِدُوْنِ أَيِّ ذَنْبٍ.	اور کب تک بے گناہ لوگوں کی جانیں بلا وجہ خطرے میں پڑی رہیں گی۔
وَمَتَى يَسْتَطِيعُ الْمُجْتَمَعُ الْمُتَحَضِّرُ أَنْ يَقْضِيَ عَلَى هٰذِهِ السَّرِقَاتِ إِلَى الْأَبَدِ؟	اور کب مہذب معاشرہ ان ڈکیتیوں کا خاتمہ ہمیشہ کے لئے کر پائے گا۔

فِي السُّوْقِ / بازار میں

اَلْمَخْبَزُ	بیکری
اَلْبَنْكُ	بینک
اَلْمَكْتَبَةُ	کتب خانہ

صَالُوْنُ تَجْمِيْلٍ	بیوٹی پارلر
صَالُوْنُ الحِلاقَةِ	نائی کی دکان
اَلْمَلْحَمَةُ	قصائی کی دکان
مَحَلُّ حَلْوَيَاتٍ	مٹھائی کی دکان
الصَّيْدَلِيَّةُ	انگریزی دواؤں کی دکان
مَحَلُّ الأَقْمِشَةِ	کپڑوں کی دکان
اَلإِسْكَافُ	موچی
مَحَلُّ الْبَانٍ	ڈیری
طَبِيْبُ اَسْنَانٍ	دانتوں کا ڈاکٹر
مَحَلٌّ كَبِيْرٌ	ڈپارٹمنٹل اسٹور
مَحَلُّ خِيَاطَةٍ	درزی کی دکان
مَحَلُّ تَنْظِيْفِ مَلاَبِسَ	ڈرائی کلینر کی دکان
مَحَلُّ اَسْمَاكٍ	مچھلیوں کی دکان
مَحَلُّ زُهُوْرٍ	پھولوں کی دکان
خُضَرِيٌّ	سبزی فروش
بَقَّالٌ	پنساری
مَحَلُّ اَدْوَاتٍ مَنْزِلِيَّةٍ	گھریلو اشیاء کی دکان
اَلْجَوْهَرِيُّ	سنار
اَلْمَغْسَلَةُ	لانڈری
مَحَلُّ مَصْنُوْعَاتٍ جِلْدِيَّةٍ	چمڑے کے سامان کی دکان
بَائِعُ الصُّحُفِ	اخبار فروش، ہاکر

مَحَلُّ نَظَّارَاتٍ (عُوَيْنَاتٍ)	چشموں کی دکان
مَحَلُّ عُطُوْرٍ	عطر فروش کی دکان
مُصَوِّرٌ	فوٹوگرافر
مَحَلُّ أَدَوَاتٍ رِيَاضِيَّةٍ	کھیلوں کے سامان کی دکان
مَحَلُّ سَاعَاتٍ	گھڑیوں کی دکان

أَلتَّسَوُّقُ فِي الْمَكْتَبَةِ
کتابوں کی دکان پر خریداری

أُرِيْدُ أَنْ أَذْهَبَ الْيَوْمَ إِلَى السُّوْقِ.	میں آج بازار جانا چاہتا ہوں۔
أُرِيْدُ أَنْ أَذْهَبَ إِلَى الْمَكْتَبَةِ.	میں کتابوں کی دکان پر جانا چاہتا ہوں۔
أَيُّ كُتُبٍ تُوجَدُ عِنْدَكُمْ؟	آپ کے پاس کونسی کتابیں ملتی ہیں؟
عِنْدَنَا نُخْبَةٌ طَيِّبَةٌ مِنَ الْكُتُبِ لِأَشْهَرِ الْمُصَنِّفِيْنَ.	ہمارے پاس مشہور مصنفین کی کتابوں کا اچھا انتخاب ہے۔
هَلْ عِنْدَكُمْ قَائِمَةُ الْكُتُبِ؟	کیا آپ کے پاس کتابوں کی فہرست ہے؟
هَاهِيَ قَائِمَةُ الْكُتُبِ يَاسَيِّدِيْ.	یہ رہی فہرست جناب۔
تَجِدُ فِي هٰذِهِ الْقَائِمَةِ كُتُباً مُخْتَلِفَةً.	اس فہرست میں آپ کو مختلف کتابیں ملیں گی۔
هَلْ تُرِيْنِي بَعْضَ الْقَوَامِيْسِ؟	کیا آپ مجھے کچھ ڈکشنریاں دکھائیں گے؟
أَيَّ قَامُوْسٍ تُرِيْدُ يَاسَيِّدِيْ؟	جناب! آپ کونسی ڈکشنری چاہتے ہیں؟
أُرِيْدُ قَامُوْساً مِنَ الْعَرَبِيَّةِ إِلَى الْأُرْدُوِيَّةِ.	مجھے ایک عربی سے اُردو ڈکشنری چاہیے۔
أُرِيْدُ قَامُوْسَ جَيْبٍ مِنَ الْأُرْدُوِيَّةِ إِلَى الْعَرَبِيَّةِ.	مجھے اردو سے عربی جیبی ڈکشنری چاہیے۔

أُرِيْدُ نُسْخَةً مِنَ الْقُرْآنِ الْكَرِيْمِ.	مجھے قرآن کریم کا ایک نسخہ چاہئے۔
أَرِنِي مِنْ فَضْلِكَ مِنْ أَحْدَثِ الْكُتُبِ بِاللُّغَةِ الأُرْدُوِيَّةِ.	براہ کرم مجھے اردو زبان کی جدید ترین کتابیں دکھایئے۔
لَقَدْ وَصَلَتْنَا هٰذِهِ الْكُتُبُ أَخِيْراً.	یہ کتابیں ہمارے پاس حال ہی میں آئی ہیں.
أَرِنِيْ؛ لَعَلَّنِيْ أُحِبُّهَا.	دکھایئے؛ شاید مجھے پسند آ جائیں۔
أَرِنِيْ كُتُباً دِيْنِيَّةً فَقَطْ.	مجھے صرف دینی کتابیں دکھایئے۔

فِي مَحَلِّ الْقِرْطَاسِيَّةِ
اسٹیشنری کی دکان پر

أَيْنَ مَحَلُّ الْقِرْطَاسِيَّةِ؟	اسٹیشنری کی دکان کہاں ہے؟
مَاذَا تُرِيْدُ أَنْ تَشْتَرِيَ؟	آپ کیا خریدنا چاہتے ہیں؟
أُرِيْدُ شِرَاءَ بَعْضِ أَدَوَاتِ الْكِتَابَةِ.	میں کچھ اسٹیشنری کا سامان خریدنا چاہتا ہوں۔
مَاهِيَ الأَدَوَاتُ الَّتِي تُرِيْدُ أَنْ تَشْتَرِيَهَا؟	آپ کیا سامان خریدنا چاہتے ہیں؟
هَلْ عِنْدَكُمْ خَرِيْطَةُ الْعَالَمِ؟	کیا آپ کے یہاں دنیا کا نقشہ ہے؟
نَعَمْ: عِنْدَنَا خَرِيْطَةُ الْعَالَمِ وَخَرِيْطَةُ الْمَدِيْنَةِ.	جی ہاں! ہمارے پاس دنیا کا نقشہ ہے اور شہر کا نقشہ ہے۔
هَلْ عِنْدَكُمْ أَوْرَاقٌ بَيْضَاءُ لِكِتَابَةِ الرَّسَائِلِ؟	کیا آپ کے پاس خطوط لکھنے کے لئے سفید کاغذ ہیں؟
أَيَّ نَوْعٍ مِنَ الْوَرَقِ تُرِيْدُ؟	آپ کس قسم کے کاغذ چاہتے ہیں؟

أُرِيْدُ مِنْ نَوْعٍ جَيِّدٍ.	میں عمدہ قسم کے چاہتا ہوں۔
كَمْ وَرَقاً تُرِيْدُ؟	آپ کتنے کاغذ چاہتے ہیں؟
هَلْ تُرِيْدُهَا بِالدَّسْتَةِ أَوْ رِزْمَةً كَامِلَةً؟	کیا آپ دستہ کے حساب سے چاہتے ہیں یا پورا پیکٹ؟
أُرِيْدُ رِزْمَةً كَامِلَةً.	مجھے پورا ایک پیکٹ چاہئے۔
أُرِيْدُ قَلَمَ حِبْرٍ سَائِلٍ وَقَلَمَ حِبْرٍ نَاشِفٍ.	مجھے ایک فاؤنٹین پین اور ایک بال پین چاہئے۔
أُرِيْدُ مَحَّايَةً وَبَرَّايَةً.	مجھے ایک ربر اور ایک پنسل تراش چاہئے۔
أُرِيْدُ صَحِيْفَةً.	مجھے ایک اخبار چاہئے۔
أُرِيْدُ مَجَلَّةً.	مجھے ایک رسالہ چاہئے۔
أُرِيْدُ رِوَايَةً.	مجھے ایک ناول چاہئے۔
أُرِيْدُ وَرَقَةَ كَرْبُوْنٍ.	مجھے کاربن پیپر چاہئے۔
هَلْ عِنْدَكُمْ مَجَلَّاتٌ عَرَبِيَّةٌ؟	کیا آپ کے پاس عربی رسالے ہیں؟
لاَ : لاَ تُوْجَدُ عِنْدَنَا مَجَلَّاتٌ	نہیں: ہمارے پاس رسالے نہیں ہیں۔
هَلْ عِنْدَكُمْ بِطَاقَاتُ بَرِيْدٍ؟	کیا آپ کے پاس پوسٹ کارڈ ہیں؟
عَفْواً يَا سَيِّدِي ؛ لَيْسَتْ عِنْدَنَا.	معاف کیجئے جناب: ہمارے پاس نہیں ہیں۔
أُرِيْدُ ظُرُوْفَ خِطَابَاتٍ.	مجھے کچھ لفافے چاہئیں۔
أُرِيْدُ كُرَّاسَةً وَمِرْسَماً وَحِبْراً أَزْرَقَ.	مجھے ایک کاپی، ایک پنسل اور نیلی روشنائی چاہئے۔
أُرِيْدُ أَنْ أَشْتَرِيَ هٰذِهِ الْأَدَوَاتِ.	میں یہ چیزیں خریدنا چاہتا ہوں۔
عُلْبَةُ أَلْوَانٍ	رنگوں کا ڈبہ
وَرَقَةُ كَرْبُوْنٍ	کاربن پیپر
وَرَقَةُ رَسْمٍ	ڈرائنگ پیپر

ظُرُوفٌ	لفافے
مِمْحَاةٌ	ربڑ
دَلِيلٌ سِيَاحِيٌّ	سیاحتی گائڈ بک
حِبْرٌ اَسْوَدُ/اَحْمَرُ/اَزْرَقُ.	کالی روشنائی/لال/نیلی
خَرِيطَةٌ	نقشہ
خَرِيطَةُ الطَرِيقِ	روڈ میپ
بَرَّايَةٌ	پنسل تراش
وَرَقُ لَعِبٍ	تاش
اُنْبُوبَةُ حِبْرٍ جَافٍ	بال پین کا ریفل
شَرِيطُ الآلَةِ الْكَاتِبَةِ	ٹائپ رائٹر کا ربن
شَرِيطٌ لاَصِقٌ	(پٹی) چپکانے والا ٹیپ
دَبَابِيسُ وَ دَبُّوسٌ	پن
قَلَمُ حِبْرٍ سَائِلٍ	فاؤنٹین پین
صَمْغٌ	گوند
كَمْ قِيمَةُ هٰذِهِ الأَشْيَاءِ؟	ان سب چیزوں کی کیا قیمت ہے؟
قِيمَةُ هٰذِهِ الأَشْيَاءِ خَمْسُونَ رُوبِيَةً وَعِشْرُونَ بَيْسَةً لاَ غَيْرَ.	ان سب چیزوں کی قیمت صرف پچاس روپے بیس پیسے ہے۔
هَلْ يُمْكِنُكَ اَنْ تُعْطِيَنِي فَاتُورَةً.	کیا آپ مجھے بل دے سکتے ہیں؟
هَاهِيَ الْفَاتُورَةُ.	یہ لیجئے بل۔

شِرَاءُ الأَقْمِشَةِ / کپڑوں کی خریداری

أُرِيْدُ أَنْ أَشْتَرِيَ بَعْضَ الأَقْمِشَةِ.	میں کچھ کپڑے خریدنا چاہتا ہوں۔
أَيَّ نَوْعٍ مِنَ الأَقْمِشَةِ تُرِيْدُ؟	آپ کس قسم کا کپڑا چاہتے ہیں؟
هَلْ عِنْدَكَ قُمَاشٌ مُخَطَّطٌ أَخْضَرُ؟	کیا آپ کے پاس ہری دھاری والا کپڑا ہے؟
لِمَنْ تُرِيْدُ هٰذَا الْقُمَاشَ؟	آپ یہ کپڑا کس کے لئے چاہتے ہیں؟
أُرِيْدُ أَنْ أَشْتَرِيَ هٰذِهِ الأَقْمِشَةَ لأَطْفَالِيْ.	میں یہ کپڑا اپنے بچوں کے لئے خریدنا چاہتا ہوں۔
بِكَمِ الْمِتْرُ مِنْ هٰذَا الْقُمَاشِ؟	یہ کپڑا کیا میٹر ہے؟
مِتْرٌ بِأَرْبَعِيْنَ رُوْبِيَةً.	چالیس روپے میٹر ہے۔
أُرِيْدُ لَوْنًا أَغْمَقَ مِنْ هٰذَا.	میں اس سے گہرا رنگ چاہتا ہوں۔
أَرِنِيْ قُمَاشًا آخَرَ.	مجھے کوئی دوسرا کپڑا دکھایئے۔
أُرِيْدُ لَوْنًا أَفْتَحَ مِنْ هٰذَا.	میں اس سے کھلتا ہوا رنگ چاہتا ہوں۔
أُرِيْدُ شَيْئًا يُنَاسِبُ هٰذَا الْقُمَاشَ.	میں اس کپڑے کے میل کی کوئی چیز چاہتا ہوں۔
لاَ يُعْجِبُنِيْ هٰذَا اللَّوْنُ.	مجھے یہ رنگ پسند نہیں آیا۔
أُرِيْدُ قُمَاشًا لِبَدْلَتَيْنِ.	میں دو سوٹ کا کپڑا چاہتا ہوں۔
هَلْ تُرِيْدُ الْقُمَاشَ الْقُطْنِيَّ أَوِ الصُّوْفِيَّ؟	آپ سوتی کپڑا چاہتے ہیں یا اونی؟
أَرِنِيْ بَعْضَ أَنْوَاعِ الأَقْمِشَةِ الصُّوْفِيَّةِ وَالْحَرِيْرِيَّةِ.	کچھ اونی اور ریشمی کپڑوں کی قسمیں دکھایئے۔
لَمْ يُعْجِبْنِيْ هٰذَا الْقُمَاشُ.	یہ کپڑا مجھے پسند نہیں آیا۔
هَلْ عِنْدَكَ نَوْعٌ أَفْضَلُ مِنْ هٰذَا؟	کیا آپ کے پاس اس سے بہتر کوالٹی ہے؟

لَا يَاسَيِّدِي : هٰذَا قُمَاشٌ نَاعِمٌ وَجَيِّدٌ جِدًّا.	نہیں جناب : یہ نرم اور بہت عمدہ کپڑا ہے۔
لَا يُمْكِنُ أَنْ تَجِدَ الْقُمَاشَ مِنْ هٰذَا النَّوْعِ فِي السُّوقِ كُلِّهَا.	اس طرح کا کپڑا آپ کو پورے بازار میں نہیں ملے گا۔
هَلْ عِنْدَكَ قُمَاشٌ مَشْغُولٌ بِالْيَدِ؟	کیا آپ کے پاس ہاتھ کا بُنا ہوا کپڑا ہے؟
عِنْدَنَا قُمَاشٌ مِنْ هٰذِهِ الْأَنْوَاعِ.	ہمارے پاس ان اقسام کا کپڑا ہے۔
طَيِّبٌ : اِقْطَعْ لِي عَشَرَةَ أَمْتَارٍ مِنْ هٰذَا.	ٹھیک ہے، اس میں سے مجھے دس میٹر دیجئے۔
شَيْفُوْنٌ	شیفون
فَانِلَةٌ	فلانیل
بُوبْلِيْنٌ	پاپلین
حَرِيْرٌ	ریشم
صُوْفٌ	اون
قُطْنٌ	کاٹن۔ سوت
جَبَرْدِيْنٌ	گبرڈین (ایک قسم کا باریک کپڑا)
حَرِيْرٌ صِنَاعِيٌّ	مصنوعی ریشم
مَخْمَلٌ	مخمل

أَلْمَلَابِسُ الرِّجَالِيَّةُ وَالنِّسَائِيَّةُ

مردانہ اور زنانہ ملبوسات

قَمِيْصٌ	قمیص، کرتہ	سُتْرَةٌ مِنَ الصُّوْفِ	اونی صدری
قَمِيْصٌ دَاخِلِيٌّ	بنیان	قَمِيْصٌ بِدُوْنِ أَكْمَامٍ	ٹی شرٹ

سِرْوَالٌ ضَيِّقٌ	چست پاجامہ	بِزَّةٌ	یونیفارم، وردی
قَمِيصُ النَّوْمِ	نائٹ گاؤن	تَنُّوْرَةٌ	اسکرٹ
بَدْلَةٌ	سوٹ	ذُوْكُمَّيْنِ	آستین والا
بُرْقُعٌ	برقع	كُمٌّ (أَكْمَامٌ)	آستین
بِيْجَامَةٌ	پاجامہ	فُسْتَانٌ	میکسی
بَنْطَلُوْنٌ مِنْ قُمَاشِ الْجِيْنِ	جین کی پتلون	فَانِيْلَةٌ	بنیان
		كَنْزَةٌ	جرسی، ڈھیلی صدری
		بِلُوْزَةٌ	بلاوز
عَبَاءَةٌ	چوغہ	رُوْبٌ	چوغہ
صَدْرِيَّةٌ	واسکٹ	سِرْوَلَةٌ	پاجامہ
ثَوْبٌ دَاخِلِيٌّ	انڈرویر، جانگھیہ	سَرْوَةٌ	کوٹ
مِعْطَفٌ	اوورکوٹ	مِعْطَفٌ وَاقٍ مِنَ الْمَطَرِ	برساتی
بَطَّانِيَّةٌ	کمبل	قُطْنٌ	روئی
ثَوْبٌ	بیرونی لباس	بِطَانَةُ الثَّوْبِ	استر
قُفَّازٌ	موزہ	كَتَّانٌ	ململ
قُبَّعَةٌ	ہیٹ	أَزْرَارٌ	بٹن
قَلَنْسُوَةٌ	ٹوپی	عُرْوَةٌ	کاج
شَالٌ	شال	صُوْفٌ	اون
مُضَرَّبَةٌ	رضائی	جَيْبٌ	جیب
		جَوْرَبٌ	موزہ
حَشِيَّةٌ	گدا	زُنَّارٌ	کمربند
مُلَاءَةُ السَّرِيْرِ	چادر	ثَنِيَّةُ الْبَنْطَلُوْنِ	پتلون کا پائنچہ

قُمَاشٌ قُطْنِيٌّ مُطَبَّعٌ	چھینٹ	شَرِيطٌ	ربن
يَاقَةٌ	کالر	قُمَاشٌ (أَقْمِشَةٌ)	کپڑا
أَسْوِرَةُ كُمِّ الْقَمِيصِ	کف	قُمَاشٌ مُطَرَّزٌ	کامدانی
قُمَاشُ الْقِنَّبِ	کرچ	وِشَاحٌ	گلوبند
قُبَّةٌ	کالر	لِفَاعٌ	دوپٹہ
بُرْنَيْطَةٌ	ہیٹ	خَيْطٌ (خُيُوطٌ)	دھاگہ
بَابُوجٌ	سلیپر	حَرِيرٌ	ریشم
		رِبَاطُ حِذَاءٍ	جوتے کا فیتہ

أَلْحِلَى وَالْمُجَوْهَرَاتُ / زیورات اور گہنے

خَاتَمٌ	انگوٹھی	عِصَابَةٌ لِرَأْسِ الْمَرْأَةِ مُرَصَّعَةٌ بِالْجَوَاهِرِ	تاج، کلٹ
قُرْطٌ	بندا، جھمکا	عِقْدٌ	ہار، مالا
قِلَادَةٌ	چمپاکلی	ذَهَبٌ	سونا
سِوَارٌ (أَسْوِرَةٌ)	چوڑیاں	فِضَّةٌ	چاندی
حَلْقَةُ الْأَنْفِ	نتھ	يَاقُوتٌ	لال پتھر
إِكْلِيلُ زُهُورٍ	پھول مالا	لُؤْلُؤَةٌ	موتی
سِوَارٌ لِأَعْلَى الذِّرَاعِ	بازوبند	أَلْمَرْجَانُ	مونگا
أُمُّ اللَّآلِي	موتی کی سیپ	سِوَارُ الْمِعْصَمِ	پہنچی / کنگن
أَلْمَاسُ	ہیرا	سِوَارُ الرِّجْلِ	پازیب
أَلْمَرْوُ	بلور	خَلْخَالٌ لِلْقَدَمِ	پازیب

زُمُرُّدٌ	پنّا	مُدَلَّاةُ الرَّأْسِ	ٹیکہ
الزَّرْكُونُ	زرکن	حَلَقٌ	بندا
دَبُّوسُ شَعْرٍ	بالوں کی پن	سِلْسِلَةٌ ذَهَبِيَّةٌ	سونے کی چین
دَبُّوسٌ زِيْنِيٌّ	جگنی	عُلْبَةُ تَجْمِيْلٍ	سنگھاردان /میک اپ بوکس
طِلَاءُ أَظَافِرَ	نیل پالش	رَائِحَةٌ عِطْرِيَّةٌ	خوشبو
مُسْتَحْضَرٌ لِتَجْمِيْلِ الرُّمُوْشِ	کاجل	كِرِيْمٌ لِلْوَجْهِ	چہرے کی کریم
أَحْمَرُ الشِّفَاهِ	لپ اسٹک		

أَشْيَاءُ يَسْتَعْمِلُهَا الرِّجَالُ وَالنِّسَاءُ
عورتوں اور مردوں کے استعمال کی اشیاء

مِنْدِيْلٌ	رومال	مِفْتَاحٌ	کنجی/چابی
مِنْشَفَةٌ	تولیہ	مَعْجُوْنُ أَسْنَانٍ	ٹوتھ پیسٹ
جَوَارِبُ	جرابیں	فُرْشَاةُ أَسْنَانٍ	ٹوتھ برش
جَوَارِبُ حَرِيْرٍ	ریشمی جرابیں	صَابُوْنٌ	صابن
جَوَارِبُ قُطْنٍ	سوتی جرابیں	فُرْشَاةٌ	برش
أَحْذِيَةٌ	جوتے	مُشْطٌ	کنگھی
كُفُوفٌ	دستانے	فُرْشَاةُ أَظَافِرَ	نیل برش
مِحْفَظَةٌ	پرس، بٹوا	إِبْرَةٌ	سوئی
كِيْسٌ	تھیلا، بیگ	زَيْتُ شَعْرٍ	ہیئر آئل

شَمْسِيَّةٌ	چھتری	دِهَانٌ لِلشَّعْرِ	ہیئر ٹانک
نَظَّارَةٌ	عینک	مِبْرَدُ أظَافِرَ	ناخن تراش
سَاعَةٌ	گھڑی	سَاعَةُ يَدٍ	گھڑی
سِلْسِلَةٌ	زنجیر، چین	حِزَامُ السَّاعَةِ	گھڑی کا تسمہ اسٹرپ

فِي مَحَلِّ الخَيَّاطِ / درزی کی دکان پر

أُرِيْدُ أنْ تَخِيطَ لِي بَدْلَتَيْنِ.	میں آپ سے دو سوٹ سلوانا چاہتا ہوں.
كَمْ مِتْراً يَكْفِي لِبَدْلَةٍ؟	ایک سوٹ میں کتنے میٹر کپڑا لگے گا؟
خَمْسَةُ أمْتَارٍ.	پانچ میٹر۔
هَلْ يُمْكِنُ أنْ تَقِيسَ لِي؟	کیا آپ میرا ناپ لے سکتے ہیں؟
هَلْ تَعْرِفُ مَقَاسِيْ؟	کیا آپ کو میرا ناپ معلوم ہے؟
لاَ أعْرِفُ مَقَاسَكَ.	مجھے آپ کا ناپ معلوم نہیں۔
عَلَيْكَ أنْ تَقِيْسَ لِيْ الآنَ.	اب آپ میرا ناپ لے لیجئے۔
مَتَى سَتَكُوْنُ هٰذِهِ الْبَدْلَةُ جَاهِزَةً؟	یہ سوٹ کب تیار ہو جائے گا؟
سَأُحَاوِلُ أنْ أُجَهِّزَهَا خِلاَلَ أسْبُوْعٍ.	میں اس کو ایک ہفتہ میں تیار کرنے کی کوشش کروں گا۔
هَلْ تُوْجَدُ عِنْدَكَ مِرْآةٌ؟	کیا آپ کے پاس شیشہ ہے؟
ألْمَقَاسُ مَضْبُوْطٌ جِدًّا.	ناپ بالکل فٹ ہے۔
إنَّهُ قَصِيْرٌ جِدًّا.	یہ بہت چھوٹا ہے۔
إنَّهُ طَوِيْلٌ جِدًّا.	یہ بہت لمبا ہے۔

إِنَّهُ ضَيِّقٌ جِدًّا.	یہ بہت تنگ ہے۔
إِنَّهُ وَاسِعٌ جِدًّا	یہ بہت چوڑا (کشادہ) ہے۔
هَلْ تَسْتَطِيْعُ أَنْ تُصْلِحَ هٰذَا؟	کیا آپ اس کو ٹھیک کر سکتے ہیں؟
مَتَى يَنْتَهِي هٰذَا التَّصْلِيْحُ؟	ٹھیک کرنے میں کتنا وقت لگے گا؟
هَلْ تَسْتَطِيْعُ أَنْ تَخِيْطَ لِي قَمِيْصاً وَسِرْوَالاً؟	کیا آپ میرا ایک کرتا اور ایک پاجامہ سی سکتے ہیں؟

أَلْخِيَاطَةُ / سلائی

مَاكِيْنَةُ خِيَاطَةٍ	سلائی مشین	دَبُّوْسٌ	پن
شَرِيْطٌ	فیتہ	زِرٌّ	بٹن
لَفَقَةٌ	سیون	عُرْوَةٌ	کاج
حَاشِيَةُ الثَّوْبِ	کپڑے کا کنارہ، جھالر	غُرْزَةٌ	ٹانکا
كُشْتُبَانٌ	انگشتانہ	قُطْبَةٌ	ٹانکا، سلائی
إِبْرَةٌ	سوئی	إِبْرَةُ حِيَاكَةٍ	سلائی کی سوئی
مَطَّاطٌ	دھاگے کی ریل	شُغْلُ الإِبْرَةِ	بنائی
شَرِيْطٌ لِلزِّيْنَةِ	بیل، گوٹا کناری	مِحْبَسٌ، مُنْزَلِقٌ	زپ
دَبُّوْسُ أَمَانٍ	سیفٹی پن	شَرِيْطُ الْقِيَاسِ	پیمائشی فیتہ
طَيَّةٌ	چُنٹ	مِقَصٌّ	قینچی

فِي صَالُوْنِ الحِلاقَةِ / نائی کی دکان پر

أَيْنَ صَالُوْنَ الحِلاقَةِ؟	نائی کی دکان کہاں ہے؟
صَالُوْنُ الْحِلاقَةِ فِي السُّوْقِ.	نائی کی دکان بازار میں ہے۔
تَفَضَّلْ يَا سَيِّدِيْ.	تشریف لائیے جناب
أَيُّ خِدْمَةٍ لِيْ.	میرے لائق کوئی خدمت؟
هَلْ تُرِيْدُ أَنْ أَقُصَّ الشَّعْرَ أَوْ أَحْلِقَ الذَّقَنَ؟	آپ بال کٹوانا چاہتے ہیں یا شیو بنوانا چاہتے ہیں؟
أُرِيْدُ قَصَّ الشَّعْرِ.	میں بال کٹوانا چاہتا ہوں۔
لاَ تَقُصَّهُ قَصِيْراً جِدًّا.	زیادہ چھوٹے مت کیجیے۔
إِسْتَعْمِلِ الْمِقَصَّ فَقَطْ.	صرف قینچی استعمال کیجیے۔
لاَ تَسْتَعْمِلِ الْمَاكِيْنَةَ.	مشین استعمال مت کیجیے۔
هَلْ أَمْشُطُ الشَّعْرَ أَمْ لاَ؟	بالوں میں کنگھا کروں یا نہیں؟
نَعَمْ أُمْشُطْهُ إِلَى فَوْقَ.	ہاں اوپر کی جانب کنگھا کیجیے۔
قَصِّرِ الشَّعْرَ مِنَ الْجَانِبَيْنِ.	بالوں کو دونوں جانب سے چھوٹا کیجیے۔
لاَ تَقُصَّ مِنْ أَعْلىٰ.	اوپر سے نہ کاٹئے۔
أُرِيْدُ أَنْ تَصْبَغَ شَعْرِيْ.	میں بالوں کو رنگوانا (ڈائی کرانا) چاہتا ہوں۔
هَلْ أَنْتَ عَادَةً تَحْلِقُ بِنَفْسِكَ أَمْ تَذْهَبُ دَائِماً إِلَى الْحَلاَّقِ؟	کیا آپ عام طور سے خود شیو بناتے ہیں یا ہمیشہ نائی کے پاس جاتے ہیں؟
عَادَةً أَحْلِقُ بِنَفْسِيْ.	میں عام طور سے خود شیو بناتا ہوں۔
وَفِيْ بَعْضِ الأَحْيَانِ أَذْهَبُ إِلَى الْحَلاَّقِ.	اور بعض اوقات نائی کے پاس جاتا ہوں۔

مَاذَا تَسْتَعْمِلُ عِنْدَمَا تَحْلِقُ بِنَفْسِکَ؟ — آپ جب خود شیو بناتے ہیں تو کیا استعمال کرتے ہیں؟

أَسْتَعْمِلُ الشَّفْرَةَ، وَالْفُرْشَةَ، وَالْكِرِيْم. — میں بلیڈ، برش اور کریم استعمال کرتا ہوں۔

أَيَّ زَيْتٍ تَسْتَعْمِلُ؟ — آپ کونسا تیل استعمال کرتے ہیں؟

أَسْتَعْمِلُ زَيْتَ الشَّعْرِ. — میں ہیر آئل استعمال کرتا ہوں۔

فِي الْمَلْحَمَةِ / گوشت کی دکان پر

أَيْنَ الْمَلْحَمَةُ فِيْ هٰذَا الْحَيِّ؟ — اس محلہ میں گوشت کی دکان کہاں ہے؟

لَا تُوْجَدُ الْمَلْحَمَةُ فِيْ هٰذَا الْحَيِّ. — اس محلہ میں گوشت کی دکان نہیں ہے۔

إِذَنْ، مِنْ أَيْنَ أَشْتَرِي اللَّحْمَ؟ — پھر میں گوشت کہاں سے خریدوں؟

الْمَلْحَمَةُ بِالْقُرْبِ مِنَ الْمَسْجِدِ الْجَامِعِ. — گوشت کی دکان جامع مسجد کے قریب ہے۔

هَلِ الْمَلْحَمَةُ مَعْرُوْفَةٌ؟ — کیا گوشت کی دکان مشہور ہے؟

هَلْ يُوْجَدُ عِنْدَكُمْ لَحْمٌ جَيِّدٌ؟ — کیا تمہارے پاس عمدہ گوشت ملتا ہے؟

نَعَمْ يَاسَيِّدِيْ: هُنَا لَحْمٌ جَيِّدٌ لِلْخَرُوْفِ. — جی ہاں! جناب، ہمارے پاس عمدہ بکرے کا گوشت ملتا ہے۔

هَاتِ كِيْلُوْمِنْ لَحْمِ الْخَرُوْفِ. — مجھے ایک کلو بکرے کا گوشت دو۔

ضَعِ اللَّحْمَ فِي الْكِيْسِ وَهَاتِ كِيْلُوْمِنَ اللَّحْمِ الْمَفْرُوْمِ. — گوشت کو تھیلی میں رکھ دو اور ایک کلو قیمہ دیدو۔

كَمْ ثَمَناً أَدْفَعُ لَكَ؟ — کتنی قیمت ادا کروں؟

خَمْسِيْنَ رُوْبِيَةً. — پچاس روپے۔

فِي مَحَلِّ الأحْذِيَةِ / جوتوں کی دکان پر

أُرِيْدُ أنْ أشْتَرِيَ الأحْذِيَةَ.	میں جوتے خریدنا چاہتا ہوں۔
أيَّ نَوْعٍ مِنَ الأحْذِيَةِ تُرِيْدُ أنْ تَشْتَرِيَ؟	آپ کون سے جوتے خریدنا چاہتے ہیں؟
أُرِيْدُ أنْ أشْتَرِيَ حِذَاءً عَالِيَ السَّاقِ.	میں بوٹ خریدنا چاہتا ہوں۔
هٰذَا الْحِذَاءُ ضَيِّقٌ جِدًّا.	یہ جوتا بہت تنگ ہے۔
هَلْ عِنْدَكَ مَقَاسٌ أكْبَرُ مِنْ هٰذَا ؟	کیا آپ کے پاس اس سے بڑا سائز ہے؟
هٰذَا كَبِيْرٌ.	یہ بڑا ہے۔
أُرِيْدُ مَقَاساً أصْغَرَ مِنْهُ .	میں اس سے چھوٹا سائز چاہتا ہوں۔
هَلْ عِنْدَكَ حِذَاءٌ مِن لَوْنٍ أسْوَدَ/أبْيَضَ؟	کیا آپکے پاس کالے رنگ کا جوتا ہے/سفید رنگ کا جوتا ہے؟
هَلْ يُمْكِنُكَ إصْلاحُ هٰذَا الْحِذَاءِ؟	کیا آپ اس جوتے کی مرمت کرسکتے ہیں؟
هَلْ يُمْكِنُكَ أنْ تَخِيْطَ لِيْ هٰذَا؟	کیا آپ اسکو سی سکتے ہیں؟
أُرِيْدُ نَعْلاً وَكَعْباً جَدِيْدَيْنِ.	میں نیا سول اور نئی ایڑی چاہتا ہوں۔
مَتَى سَيَكُوْنُ جَاهِزاً؟	یہ کب تیار ہوگا؟
يُمْكِنُ لَكَ أنْ تَأخُذَ هٰذَا فِي الْمَسَاءِ.	آپ اس کو شام کو لے سکتے ہیں۔

فِي الْمَغْسَلَةِ / لانڈری میں

أيْنَ أقْرَبُ مَغْسَلَةٍ؟	قریب ترین لانڈری کہاں ہے؟
أيْنَ مَحَلُّ تَنْظِيْفٍ بِالنَّاشِفِ؟	ڈرائی کلینر کی دکان کہاں ہے؟

لِمَاذَا تُرِيْدُ أَنْ تَذْهَبَ إِلَى مَحَلِّ تَنْظِيْفٍ؟ ڈرائی کلینرز کی دکان پر کیوں جانا چاہتے ہیں؟

أُرِيْدُ تَنْظِيْفَ هٰذِهِ الْمَلَابِسِ. میں یہ کپڑے ڈرائی کلین کرانا چاہتا ہوں۔

أُرِيْدُ غَسِيْلَ هٰذِهِ الْمَلَابِسِ. میں یہ کپڑے دھلوانا چاہتا ہوں۔

أُرِيْدُ كَيَّ هٰذِهِ الْمَلَابِسِ. میں ان کپڑوں پر پریس (استری) کرانا چاہتا ہوں۔

مَتَى سَتَكُوْنُ هٰذِهِ الْمَلَابِسُ جَاهِزَةً؟ یہ کپڑے کب تیار ہو جائیں گے؟

مَتَى تُرِيْدُهَا؟ آپ کب چاہتے ہیں؟

أُرِيْدُهَا الْيَوْمَ. میں آج چاہتا ہوں۔

لَا تَكُوْنُ هٰذِهِ الْمَلَابِسُ جَاهِزَةً قَبْلَ يَوْمِ الْخَمِيْسِ. یہ کپڑے جمعرات سے پہلے تیار نہیں ہوں گے۔

هَلْ يُمْكِنُ أَنْ تَرْفُوَ هٰذَا الْقَمِيْصَ؟ کیا آپ اس قمیص کو رفو لگا سکتے ہیں؟

هَلْ يُمْكِنُكَ تَرْقِيْعُ هٰذَا؟ کیا آپ اسمیں پیوند لگا سکتے ہیں؟

هَلْ يُمْكِنُكَ أَنْ تَخِيْطَ لِيْ هٰذَا الزِّرَّ؟ کیا آپ یہ بٹن لگا سکتے ہیں؟

هَلْ يُمْكِنُكَ أَنْ تُزِيْلَ هٰذِهِ الْبُقْعَةَ؟ کیا آپ اس دھبہ کو دور کر سکتے ہیں۔

هٰذَا لَيْسَ مِلْكِيْ. یہ میرا نہیں ہے۔

تَنْقُصُ قِطْعَةٌ. ایک پیس کم ہے۔

يُوْجَدُ ثَقْبٌ فِيْ هٰذَا. اسمیں ایک سوراخ ہے۔

هَلْ غَسِيْلِيْ جَاهِزٌ؟ کیا میرے دھلے ہوئے کپڑے تیار ہیں؟

كَمْ أَدْفَعُ لَكَ؟ کیا ادا کروں؟

عِشْرِيْنَ رُوْبِيَةً. بیس روپے۔

فِي مَحَلِّ السَّاعَاتِ / گھڑیوں کی دکان پر

أَيْنَ مَحَلُّ السَّاعَاتِ؟	گھڑیوں کی دکان کہاں ہے؟
لِمَاذَا تُرِيْدُ أَنْ تَذْهَبَ إِلَى مَحَلِّ السَّاعَاتِ؟	آپ گھڑیوں کی دکان پر کیوں جانا چاہتے ہیں؟
أُرِيْدُ تَصْلِيْحَ هٰذِهِ السَّاعَةِ.	میں یہ گھڑی ٹھیک کرنا چاہتا ہوں۔
هَلْ يُمْكِنُكَ تَصْلِيْحُ هٰذِهِ السَّاعَةِ؟	کیا آپ یہ گھڑی ٹھیک کر سکتے ہیں؟
الزُّجَاجُ مَكْسُوْرٌ.	شیشہ ٹوٹا ہوا ہے۔
إِنْكَسَرَ الزُّنْبُرُكُ.	اسپرنگ ٹوٹ گیا۔
أَلْمِسْمَارُ مَكْسُوْرٌ.	چابی ٹوٹی ہوئی ہے۔
أُرِيْدُ تَنْظِيْفَ هٰذِهِ السَّاعَةِ؟	میں اس گھڑی کی صفائی کرانا چاہتا ہوں.
أُرِيْدُ هَدِيَّةً صَغِيْرَةً لِصَدِيْقِي.	میں اپنے دوست کے لئے ایک چھوٹا سا تحفہ چاہتا ہوں.
أُرِيْدُ شِرَاءَ سَاعَةٍ جَيِّدَةٍ بِسِعْرٍ مُعْتَدِلٍ.	میں درمیانی قیمت کی ایک اچھی سی گھڑی خریدنا چاہتا ہوں۔
بِكُلِّ سُرُوْرٍ هَلْ رَأَيْتَ التَّشْكِيْلَةَ فِي وَاجِهَةِ الْعَرْضِ.	بڑی خوشی سے، کیا آپ نے شوکیس میں ڈیزائن دیکھ لیا؟
هَلْ أَسْتَطِيْعُ رُؤْيَةَ تِلْكَ السَّاعَةِ؟	کیا میں وہ گھڑی دیکھ سکتا ہوں؟
هَلْ هِيَ مَكْفُوْلَةٌ؟	کیا اس کی گارنٹی ہے؟
نَعَمْ : أَكْفُلُهَا لِمُدَّةِ سَنَتَيْنِ.	جی ہاں: میں اسکی دوسال کی گارنٹی دیتا ہوں.
كَمْ ثَمَنُهَا؟	اس کی کیا قیمت ہے؟
مَا أَغْلَاهَا! أَلَيْسَتْ بَاهِظَةَ الثَّمَنِ؟	اتنی مہنگی! کیا یہ قیمت زیادہ نہیں ہے؟

لا أُرِيْدُ شَيْئاً غَالِياً.	مجھے کوئی مہنگی چیز نہیں چاہئے۔
أُرِيْدُ سَاعَةً مُنَبِّهَةً.	مجھے ایک ٹائم پیس چاہئے۔
كَمْ ثَمَنُهَا؟	اس کی کیا قیمت ہے؟
ثَمَنُهَا خَمْسُمِائَةِ رُوْبِيَّةٍ.	اس کی قیمت پانچ سو روپے ہے۔
حَسَناً: أَنَا أَشْتَرِيْهَا.	ٹھیک ہے۔ میں اس کو خرید لیتا ہوں۔
إِلَيْكَ بِالإِيْصَالِ وَبِطَاقَةِ الْكِفَالَةِ.	یہ رہی آپ کی رسید اور گارنٹی کارڈ۔
عِنْدِيْ أَيْضاً نُخْبَةٌ حَدِيْثَةٌ مِنْ سَاعَاتِ الْحَائِطِ.	میرے یہاں دیوار گھڑیوں کا نیا اسٹاک بھی ہے۔
إِنِّي بِحَاجَةٍ فَقَطْ إِلَى سَاعَةٍ مُنَبِّهَةٍ.	مجھے تو صرف ایک ٹائم پیس کی ضرورت ہے.
أَلْقِ نَظْرَةً عَلَى هٰذِهِ السَّاعَاتِ أَيْضاً.	ان گھڑیوں پر بھی ایک نظر ڈال لیجئے۔
أَنَا مُتَأَكِّدٌ مِنْ أَنَّهَا سَتُعْجِبُكَ.	مجھے یقین ہے کہ یہ آپ کو پسند آئیں گی.
لَنْ تَدْفَعَ لَهَا أَكْثَرَ مِنْ خَمْسِمِائَةِ رُوْبِيَّةٍ.	اس کے لئے آپ کو پانچ سو روپے سے زائد نہیں دینے پڑیں گے۔
حَسَناً: آخُذُهَا أَيْضاً.	ٹھیک ہے، میں یہ بھی لے لیتا ہوں۔
أَرْغَبُ فِي تَصْلِيْحِ سَاعَتِي الْقَدِيْمَةِ.	میں اپنی پرانی گھڑی ٹھیک کرانا چاہتا ہوں.
دَعْنِي أَفْحَصُهَا مِنْ فَضْلِكَ.	ذرا میں اس کو چیک کرلوں۔
الزُّنْبُرُكُ الرَّئِيْسِيُّ مَكْسُوْرٌ.	بڑا اسپرنگ ٹوٹا ہوا ہے۔
الرَّقَّاصُ فِي حَاجَةٍ إِلَى ضَبْطِهِ.	پینڈولم کو ٹھیک کرنے کی ضرورت۔
مَتَى سَتَكُوْنُ السَّاعَةُ جَاهِزَةً؟	گھڑی کب تیار ہوجائے گی؟
إِذَا عُدْتَ بَعْدَ خَمْسَةِ أَيَّامٍ فَسَوْفَ تَجِدُهَا جَاهِزَةً.	اگر آپ پانچ روز کے بعد آئیں گے تو گھڑی آپ کو تیار ملے گی۔
وَهُوَ كَذٰلِكَ.	ٹھیک ہے۔

فِيْ مَحَلِّ أدَوَاتٍ كَهْرَبَائِيَّةٍ وَإلِكْتِرُوْنِيَّةٍ
الیکٹرونک اور بجلی کے سامان کی دکان پر

هَلْ يُوْجَدُ فِيْ هٰذَا السُّوْقِ مَحَلٌّ لأدَوَاتٍ كَهْرَبَائِيَّةٍ وَإلِكْتِرُوْنِيَّةٍ؟ کیا اس بازار میں الیکٹرونک اور بجلی کے سامان کی کوئی دکان ہے؟

أُرِيْدُ أنْ أشْتَرِيَ فِيْدِيُوْ وَكَامِيْرا. میں ویڈیو اور کیمرا خریدنا چاہتا ہوں۔

أُرِيْدُ أنْ أشْتَرِيَ رَادِيُوْ، تِرَانْزِيسْتُوْر وَمُسَجِّلاً وَمِكْوَاةً. میں ایک ریڈیو، ایک ٹرانسسٹر، ایک ٹیپ رکارڈر اور ایک استری خریدنا چاہتا ہوں.

هَلْ عِنْدَكَ قُدُوْرُ الضَّغْطِ؟ کیا آپ کے پاس پریشر کوکر ہیں؟

أُرِيْدُ أنْ أشْتَرِيَ قِدْرَ ضَغْطٍ صَغِيْرٍ. میں ایک چھوٹا پریشر کوکر خریدنا چاہتا ہوں.

أُرِيْدُ فَرَّامَةَ اللُّحُوْمِ وَالْخُضَارِ. مجھے سبزیاں اور قیمہ کوٹنے والی مشین چاہئے.

أُرِيْدُ عَصَّارَةً. مجھے ایک جوسر چاہئے۔

أُرِيْدُ أنْ أشْتَرِيَ خَلاَّطَةَ الْحَلِيْبِ وَالْبَيْضِ. میں انڈا اور دودھ پھینٹنے والی مشین خریدنا چاہتا ہوں۔

هَلْ عِنْدَكَ مُجَفِّفُ الشَّعْرِ؟ کیا آپ کے پاس ہیر ڈرائیر ہے؟

هَلْ عِنْدَكَ خَلاَّطَةٌ؟ کیا آپ کے پاس مکسر ہے؟

أُرِيْدُ مَاكِيْنَةَ حِلاَقَةٍ. مجھے ایک شیو بنانے کی مشین چاہئے۔

أُرِيْدُ مُكَبِّرَ صَوْتٍ. مجھے ایک لاؤڈ اسپیکر چاہئے۔

أُرِيْدُ أنْ أسْمَعَ هٰذِهِ الأُسْطُوَانَةَ. میں یہ ریکارڈ سننا چاہتا ہوں۔

مِنْ فَضْلِكَ أُرِيْدُ كَاسِيْتًا. مجھے ایک کیسٹ چاہئے۔

كَمِ الْفُولْتُ لِهٰذَا؟ — یہ کتنے واٹ کا ہے؟

أُرِيدُ سِدَاداً لِهٰذَا. — مجھے اس کے لئے ایک پلگ چاہئے۔

هَلْ عِنْدَكَ بَطَّارِيَّةٌ؟ — کیا آپ کے پاس بیٹری ہے؟

هٰذَا مَكْسُورٌ، هَلْ يُمْكِنُكَ إِصْلَاحُهُ؟ — یہ ٹوٹ گیا ہے، کیا آپ اس کو ٹھیک کر سکتے ہیں؟

أُرِيدُ أَنْ أَشْتَرِيَ مُحَوِّلاً. — میں ایک ٹرانس فارمر خریدنا چاہتا ہوں۔

هَلْ عِنْدَكَ شَرِيطُ مُوسِيقَى عَرَبِيَّةٍ؟ — کیا آپ کے پاس عربی موسیقی کا کیسٹ ہے؟

هَلْ عِنْدَكَ شَرِيطُ مُوسِيقَى غَرْبِيَّةٍ؟ — کیا آپ کے پاس مغربی میوزک کا کیسٹ ہے؟

هَلْ عِنْدَكَ شَرِيطُ مُوسِيقَى خَفِيفَةٍ؟ — کیا آپ کے پاس لائٹ میوزک کا کیسٹ ہے؟

فِي الصَّيْدَلِيَّةِ / انگریزی دواؤں کی دکان پر

أَيْنَ أَقْرَبُ صَيْدَلِيَّةٍ؟ — قریب ترین انگریزی دواؤں کی دکان کہاں ہے؟

مَتٰى تُفْتَحُ/تُقْفَلُ الصَّيْدَلِيَّةُ؟ — دواؤں کی دکان کب کھلتی ہے؟ کب بند ہوتی ہے؟

أُرِيدُ أَنْ أَشْتَرِيَ بَعْضَ الْأَدْوِيَةِ. — میں کچھ دوائیں خریدنا چاہتا ہوں۔

هَلْ يُمْكِنُكَ أَنْ تَنْصَحَنِي بِدَوَاءٍ لِلْبَرْدِ /السُّعَالِ/ضَرْبَةِ الشَّمْسِ/دُوَارِ السَّفَرِ؟ — کیا آپ مجھے کوئی دوا بتا سکتے ہیں سردی زکام کیلئے/ کھانسی کیلئے/ لو لگنے کیلئے/ سفر کیوجہ سے چکر کیلئے؟

هَلْ يُمْكِنُكَ أَنْ تُجَهِّزَ لِي هٰذِهِ الْوَصْفَةَ الطِّبِّيَّةَ؟ — کیا آپ میرے لئے یہ نسخہ تیار کر سکتے ہیں؟

عَلَيْكَ أَنْ تَنْتَظِرَ قَلِيلاً. — تھوڑی دیر انتظار کیجئے۔

مَتٰى أَرْجِعُ؟ — میں دوبارہ کب آؤں؟

هَلْ تُبَاعُ الأَدْوِيَةُ بِدُوْنِ وَصْفَةٍ طِبِّيَّةٍ أَيْضًا؟	کیا دوائیں بغیر نسخہ کے بھی فروخت ہوتی ہیں؟
أُرِيْدُ أَنْ أَشْتَرِيَ هٰذِهِ الأَشْيَاءَ.	میں یہ چیزیں خریدنا چاہتا ہوں۔
كِرِيْمٌ مُطَهِّرٌ	اینٹی سیپٹک کریم (دافعِ عفونت مرہم)
شَرِيْطٌ لاَصِقٌ	پٹی چپکانے والا ٹیپ
ضِمَادَةٌ	بینڈیج (پٹی)
حُبُوْبُ كُلُوْرٍ	کلورین کی گولیاں
قُطْنٌ طِبِّيٌّ	روئی
دَوَاءٌ طَارِدٌ لِلْحَشَرَاتِ	کیڑے بھگانے والی دوا
أَقْرَاصُ كُنَيْنٍ	کونین کی گولیاں (دافعِ بخار گولیاں)
سَكَارِيْنٌ	سکرین
	مزیل جراثیم
قَطْرَةٌ لِلْعُيُوْنِ	آئی ڈراپ (آنکھوں کی دوا)
مَسْحُوْقٌ لِلْبَرَاغِيْثِ	پسو مارنے والا پاؤڈر
غَسُوْلٌ ضِدَّ الْحَشَرَاتِ	کیڑے مارنے والا لوشن
مُلَيِّنٌ	ملین دوا
حُبُوْبٌ مُنَوِّمَةٌ	نیند آور گولیاں
أَقْرَاصٌ لِلْهَضْمِ	ہاضمہ کی گولیاں
أَقْرَاصٌ مُهَدِّئَةٌ	سکون بخش گولیاں
دَوَاءٌ قَابِضٌ	قابض دوا
مَسْحُوْقٌ لِلْوَجْهِ	چہرے کا پاؤڈر

مُلَمِّعٌ لِلأَظَافِرِ	نیل پالش (ناخن پالش)
أَمْوَاسُ الحِلاَقَةِ	ریزر، بلیڈ
صَابُوْنُ الحِلاَقَةِ	شیونگ صابن
مَعْجُوْنُ أَسْنَانٍ	ٹوتھ پیسٹ
سَائِلٌ لِلتَّسْرِيْحِ	بالوں کو سیٹ کرنے والا لوشن
اَلْمِحَرُّ (تَرْمُوْمِتَر)	تھرمامیٹر
غَسُوْلٌ بَعْدَ الحِلاَقَةِ	آفٹر شیو لوشن (داڑھی بنانے کے بعد لگایا جانے والا لوشن)
كِرِيْمٌ (مُسْتَحْضَرٌ تَجْمِيْلِيٌّ)	کریم
فُرْشَاةٌ لِلأَظَافِرِ	نیل برش (ناخن پر پالش کرنے والا لوشن)
زَيْتٌ	تیل
فُرْشَاةٌ لِلْحِلاَقَةِ	شیونگ برش
فُرْشَاةُ أَسْنَانٍ	ٹوتھ برش

فِي مَحَلِّ النَّظَّارَاتِ / چشموں کی دکان پر

لَقَدِ انْكَسَرَتْ نَظَّارَتِي.	میرا چشمہ ٹوٹ گیا ہے۔
هَلْ تَسْتَطِيْعُ تَصْلِيْحَهَا؟	کیا آپ اس کو ٹھیک کر سکتے ہیں؟
الزُّجَاجَةُ مَكْسُوْرَةٌ.	شیشہ ٹوٹا ہوا ہے۔
هَلْ تَسْتَطِيْعُ إِسْتِبْدَالَهَا؟	کیا آپ اس کو بدل سکتے ہیں؟
هَلْ تَسْتَطِيْعُ تَغْيِيْرَ الْعَدَسَاتِ؟	کیا آپ عدسے بدل سکتے ہیں؟
مَتَى سَتَكُوْنُ نَظَّارَتِي جَاهِزَةً؟	میرا چشمہ کب تیار ہو جائے گا۔

هَلْ عِنْدَكَ عَدَسَاتٌ لَاصِقَةٌ؟	کیا آپ کے پاس کونٹیکٹ لینز (اتصالی عدسے) ہیں؟
أُرِيْدُ نَظَّارَةً مُلَوَّنَةً.	مجھے ایک رنگین چشمہ چاہئے۔
أُرِيْدُ شِرَاءَ مِنْظَارٍ.	میں ایک دوربین خریدنا چاہتا ہوں۔
هَلْ تُوْجَدُ عِنْدَكُمْ مَنَاظِيْرُ /عَدَسَاتٌ مُكَبِّرَةٌ /نَظَّارَاتٌ شَمْسِيَّةٌ؟	کیا آپ کے یہاں دوربینیں /بڑا کرنے والے عدسے /دھوپ کے چشمے ملتے ہیں؟
أُرِيْدُ شِرَاءَ نَظَّارَةٍ شَمْسِيَّةٍ.	میں ایک دھوپ کا چشمہ خریدنا چاہتا ہوں.
أُرِيْدُ إِجْرَاءَ فَحْصٍ لِعَيْنَيَّ.	میں اپنی آنکھیں ٹیسٹ کرانا چاہتا ہوں۔
لَا أَرَى جَيِّداً حِيْنَ أَقْرَأُ.	پڑھتے وقت مجھے اچھی طرح نظر نہیں آتا.
إِنَّنِي قَصِيْرُ النَّظَرِ.	میری نزدیک کی نگاہ ٹھیک ہے۔
إِنَّنِي مَدِيْدُ النَّظَرِ.	میری دور کی نگاہ ٹھیک ہے۔
هَلْ عِنْدَكُمْ إِخْصَائِيٌّ لِفَحْصِ النَّظَرِ؟	کیا آپ کے پاس نگاہ چیک کرنے کے لئے کوئی اسپیشلسٹ ہے؟
كَمْ سَيُكَلِّفُ ذٰلِكَ؟	اس پر کتنا خرچ آئے گا؟

فِي مَحَلِّ الْفَوَاكِهِ / پھلوں کی دکان پر

أُرِيْدُ أَنْ أَشْتَرِيَ الْفَوَاكِهَ.	میں پھل خریدنا چاہتا ہوں۔
أَيْنَ مَحَلُّ الْفَوَاكِهِ؟	پھلوں کی دکان کہاں ہے؟
مَحَلُّ الْفَوَاكِهِ بِجِوَارِ الْمَسْجِدِ.	پھلوں کی دکان مسجد کے قریب ہے۔
أَفِي ذٰلِكَ الْمَحَلِّ كُلُّ نَوْعٍ مِنْ أَنْوَاعِ الْفَوَاكِهِ؟	کیا اس دکان میں ہر طرح کے پھل ہیں؟

نَعَمْ : فِي ذٰلِكَ الْمَحَلِّ مَوْزٌ وَعِنَبٌ وَبُرْتُقَالٌ وَجَوَافَةٌ وَرُمَّانٌ.	جی ہاں: اس دکان میں کیلا، انگور، سنترا، امرود اور انار ہیں۔
هَلْ تُبَاعُ الْفَوَاكِهُ بِالْوَزْنِ؟	کیا پھل تول کر بیچے جاتے ہیں؟
نَعَمْ : إِنَّهَا تُبَاعُ بِالْوَزْنِ وَبَعْضُهَا بِالْعَدَدِ.	جی ہاں: کچھ پھل تول کر بیچے جاتے ہیں اور کچھ گن کر۔
هَلْ يُسَلِّمُ الْفَوَاكِهَ إِلَى الْمُشْتَرِيْ بَعْدَ وَضْعِهَا فِي الْكِيْسِ؟	کیا وہ گاہک کو پھل تھیلی میں رکھ کر دیتا ہے؟
نَعَمْ : هُوَ يُسَلِّمُ الْفَوَاكِهَ إِلَى الْمُشْتَرِيْ بَعْدَ وَضْعِهَا فِي كِيْسٍ مِنَ الْبَلَاسْتِيْكِ.	ہاں: وہ گاہک کو پھل پلاسٹک کی تھیلی میں رکھ کر دیتا ہے۔

فِيْ مَحَلِّ الْخَضْرَوَاتِ / سبزیوں کی دکان پر

أَيْنَ مَحَلُّ الْخُضَرِيِّ؟	سبزی فروش کی دکان کہاں ہے؟
مَاذَا تُرِيْدُ أَنْ تَشْتَرِيَ؟	آپ کیا خریدنا چاہتے ہیں؟
أُرِيْدُ أَنْ أَشْتَرِيَ بَعْضَ الْخُضَرِ.	میں کچھ سبزیاں خریدنا چاہتا ہوں۔
مَاذَا فِي مَحَلِّ الْخُضَرِيِّ؟	سبزی فروش کی دکان میں کیا ہے؟
